آپ کی پریشانیوں کا حل
اسماء الحسنٰی میں
مرتبین
عبدالقادر فاتی والا (بلساڑ)
مولانا محمد یونس منشی، فلاحی (بلساڑ)
محمد بشیر اگاڈی (بمبئی)

عرض مرتبین

- دنیا میں شاید ہی کوئی انسان ایسا ہوگا جس کو کوئی نہ کوئی پریشانی یا بیماری نہ ہو.
- مختلف اسماء الحسنٰی کے مختلف فوائد اور تاثیرات اور پریشانیوں کے حل ہیں، لیکن اپنی پریشانی اور بیماری کا حل کون سے مبارک اسماء میں ہیں اس کو تلاش کرنا عام آدمی کے بس کی بات نہیں ہے، اسلئے عوام اس کے فائدہ سے محروم ہیں.
- ہم نے مختلف پریشانیوں اور بیماریوں کے مختلف ابواب بنائے ہیں اور ہر باب میں اس کے متعلق پریشانیاں اور بیماریاں اور ان کے حل درج کیئے ہیں، تاکہ لوگ بآسانی اپنی پریشانی اور بیماری کا حل کون سے مبارک اسماء میں ہیں اس کو فوراً تلاش کر کے اس سے فائدہ حاصل کر سکے.
- ہم نے اس کتاب کو مرتب کرنے میں زیادہ تر 'حصن حصین' (اردو ترجمہ) اور 'وظائف اشرفیہ' (گجراتی) سے استفادہ کیا ہیں.
- گجراتی میں اس کتاب کو بیحد مقبولیت حاصل ہوئی ہے اور اس کے کئی ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں.
- اب اردو اور ہندی ایڈیشن قارئین کو پیش خدمت ہیں. انگریزی زبان میں ترجمہ کا کام جاری ہے.

اللہ تعالٰی اس سے لوگوں کو فائدہ پہونچائے اور ہماری اس ادنٰی کوشش اور سعی کو قبول فرما کر آخرت میں نجات کا ذریعہ بنائے. آمین.

مرتبین

اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ کا بیان

حدیث شریف میں آیا ہے کہ:
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ:
''اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ جن کے ساتھ دعا مانگنے کا ہمیں حکم دیا گیا ہے ننانوے ٩٩ نام ہیں، جو شخص ان کا احاطہ کرلے گا (یعنی یاد کرلے گا اور پڑھتا رہے گا) وہ جنت میں داخل ہوگا۔''

(یہی حدیث شریف ان الفاظ میں بھی منقول ہے)
''جو کوئی شخص ان کو حفظ کرلے گا (اور برابر پڑھتا رہے گا) وہ ضرور جنت میں داخل ہوگا۔''

اس حدیث شریف میں جن ننانوے ٩٩ ناموں کا ذکر آیا ہے ان میں اکثر وبیشتر نام قرآن کریم میں مذکور ہیں، صرف چند نام ایسے ہیں جو بعینہٖ قرآن عظیم میں مذکور نہیں ہے مگر ذُو انتِقَام قرآن میں آیا ہے جس کے معنی بعینہٖ وہ ہی ہیں جو مُنْتَقِمْ کے ہیں۔ (انتقام لینے والا)۔

وہ ٩٩ (ننانوے) نام صفحہ نمبر: ٨ اور ٩ پر لکھے ہیں۔
اللہ جل شانہٗ کے اسماء جن کا ذکر آیت کریمہ:

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا

(اور اللہ کے سب ہی نام اچھے ہیں پس ان ناموں سے اُس کو پکارو)

میں آیا ہے، ان ننانوے ناموں میں منحصر نہیں ہیں بلکہ ان کے علاوہ بھی قرآن وحدیث میں نام آئے ہیں، مثلاً: 'غَـافِرْ' ان ناموں میں مذکور نہیں ہے مگر قرآن کریم میں آیا ہے. اس لئے جو نام بھی قرآن وحدیث میں آئے ہیں وہ سب اس آیت کریمہ کا مصداق ہیں اور ان سے دعا کرنی چاہیے. ہاں، اپنی طرف سے اللہ کا کوئی ایسا نام جو قرآن وحدیث میں نہیں آیا ہو نام کے طور پر نہیں لے سکتے اگرچہ معنیٰ کے اعتبار سے درست بھی ہو.

اسماء حسنیٰ کے پڑھنے کا طریقہ

ہم نے تو نمبر شمار کے حساب سے صفحہ نمبر: ۸، ۹ پر نام بیان کیئے ہیں، جب ان اسماء حسنیٰ کی تلاوت کرنا چاہیں تو اس طرح شروع کریں:

- 'هُوَاللّٰهُ الَّذِیْ لَآاِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ'
آخر تک مسلسل پڑھتے چلے جائیں
- ہر اسم کے آخری حرف پر پیش پڑھیں اور دوسرے اسم سے ملا دیں.
- جس نام پر سانس لینے کیلیے رُکیں اس کو نہ ملائیں اور دوسرا نام 'اَلْ' سے شروع کریں.
- اگر کسی ایک نام کا وظیفہ پڑھیں تو شروع میں 'یَـا' (حرفِ ندا) کا اضافہ کریں.

مثلاً: 'اَلـرَّحْـمٰنُ' کا وظیفہ پڑھنا ہو تو 'یَـا رَحْـمٰنُ' پڑھیں، 'یَاالرَّحْمٰنُ' نہ پڑھیں، اسی طرح تمام اسماء کو سمجھ لیجیے.

احادیثِ اسم اعظم

(۱) حدیث شریف میں آیا ہے:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو یہ کہتے ہوئے سنا:

یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

(اے عظمت وجلال اور احسان واکرام کے مالک)

تو آپ ﷺ نے فرمایا:

"تیری دعا قبول کی جائے گی، اب تو (جو چاہے) مانگ۔"

(۲) ایک اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ:

اللہ تعالیٰ کی جانب سے ایک فرشتہ مقرر ہے، جو شخص تین مرتبہ:

یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

(اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے)

کہتا ہے وہ فرشتہ اس شخص سے کہتا ہے:

"بے شک، سب سے بڑا رحم کرنے والا تیری طرف متوجہ ہے، اب تو جو چاہے سوال کر۔"

(۳) ایک اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ:

(ایک مرتبہ) رسول اللہ ﷺ ایک شخص کے پاس سے گذرے جو:

یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ کہہ رہا تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا:

"تو (جو چاہے) مانگ، اللہ تعالیٰ کی نگاہ کرم تیری طرف ہے۔"

(۴) ایک اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ:

جو شخص اللہ تعالیٰ سے تین مرتبہ جنت مانگتا ہے تو جنت کہتی ہے:

"اے اللہ! اس شخص کو جنت میں داخل فرمادے۔

اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے تین مرتبہ جہنم سے پناہ مانگتا ہے تو جہنم کہتی ہے:

"اے اللہ! تو اس شخص کو جہنم کی آگ سے پناہ دے دے۔"

(۵) ایک اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ:

جو شخص ان پانچ کلموں کے ساتھ دعا کریگا، وہ جو سوال بھی اللہ تعالیٰ سے کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی دعاء ضرور قبول کریں گے۔

- 'لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ'

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں ہے۔

- لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ

اسی کا تمام ملک ہے اور اسی کے لئے سب تعریف ہے۔

- 'وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ' اور وہی ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔
- 'لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ' اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی بھی معبود نہیں ہے۔
- 'وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ'

اور کوئی بھی طاقت اور کوئی بھی قوت اس (کی مدد) کے بغیر (میسر) نہیں ہے۔

اسماء الحسنیٰ کی مسلسل فہرست

هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ

الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ

الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ الْغَفَّارُ الْقَهَّارُ

الْوَهَّابُ الرَّزَّاقُ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ الْقَابِضُ

الْبَاسِطُ الْخَافِضُ الرَّافِعُ الْمُعِزُّ الْمُذِلُّ

السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ الْحَكَمُ الْعَدْلُ اللَّطِيْفُ

الْخَبِيْرُ الْحَلِيْمُ الْعَظِيْمُ الْغَفُوْرُ الشَّكُوْرُ

الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ الْحَفِيْظُ الْمُقِيْتُ الْحَسِيْبُ

الْجَلِيْلُ الْكَرِيْمُ الرَّقِيْبُ الْمُجِيْبُ الْوَاسِعُ

الْحَكِيْمُ الْوَدُوْدُ الْمَجِيْدُ الْبَاعِثُ الشَّهِيْدُ

الْحَقُّ الْوَكِيْلُ الْقَوِىُّ الْمَتِيْنُ الْوَلِىُّ

الْحَمِيْدُ الْمُحْصِى الْمُبْدِئُ الْمُعِيْدُ الْمُحْيِى

الْمُمِيْتُ الْحَىُّ الْقَيُّوْمُ الْوَاجِدُ الْمَاجِدُ

الْوَاحِدُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ

الْمُقَدِّمُ الْمُؤَخِّرُ الْاَوَّلُ الْآخِرُ الظَّاهِرُ

الْبَاطِنُ الْوَالِىُ الْمُتَعَالِىُ الْبَرُّ التَّوَّابُ

الْمُنْتَقِمُ الْعَفُوُّ الرَّؤُوْفُ مَالِكُ الْمُلْكِ

ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ الْمُقْسِطُ الْجَامِعُ الْغَنِىُّ

الْمُغْنِى الْمَانِعُ الضَّارُّ النَّافِعُ النُّوْرُ

الْهَادِىُ الْبَدِيْعُ الْبَاقِىُ الْوَارِثُ الرَّشِيْدُ

الصَّبُوْرُ

فہرست

۱ جسمانی اعضاء کی پریشانیاں

- سر 14
- نینداور سستی (کاہلی) 15
- بے ہوشی 15
- آنکھ 16
- کان 18
- بواسیر 18
- جلداور خون 19
- سینہ 19
- شکم (پیٹ) 20
- پستان 21
- بچوں کی بیماریاں 21
- بخار 24
- طاعون اور وباءعام 24
- بیماری سے شفاء 24
- لاعلاج بیماری کا علاج 27

□ بیماری سے حفاظت کے لئے 29
□ سانپ، بچھوں کے ڈسنے کا زہر 29
□ کمزوری 30
□ رحمانی (بچہ دانی) 30
□ یادداشت بڑھانے کے لئے 35

۲ قلب سے وابسطہ امور

□ قلب کی صفائی (تزکیہ) 37
□ قلب میں نیک صفات پیدا کرنے کے لئے 40
□ قلب کی حفاظت 48
□ قلب کے رنج وغم 49
□ تسخیر قلب 50
□ کشف والہام 50
□ استخارہ (کسی کام کے کرنے، نہ کرنے میں اللہ سے اشارہ چاہنا) 53

۳ روح سے وابسطہ امور

□ حیات 54
□ روحانی ترقی 55
□ موت 55

☐ قبر 56
☐ آخرت 57

٤ جادو، جنات، بدنظری، شیطان

☐ جادو 59
☐ جنات 60
☐ بدنظری 60
☐ شیطان 61

٥ آفت، بلاء، مصیبت، مشکل، دشمن، ظالم، برے آدمی

☐ آفت، بلاء، مصیبت، مشکل سے حفاظت کے لئے 62
☐ آفت، بلاء، مصیبت، مشکل دور ہونے کے لئے 66
☐ دشمن 68
☐ ظالم اور برے آدمی 73
☐ مال و دولت و جان کی حفاظت 75
☐ کھیتی اور مویشی کی حفاظت کے لئے 77
☐ اپنی ذات اور اہل کی حفاظت کے لئے 78

٦ گھر اور معاشرہ

□ میاں بیوی 79
□ اولاد 83
□ پڑوسی، دوست اور رشتہ دار 85
□ بُری عادتیں، بُرے اخلاق، بدمزاجی وغیرہ کی اصلاح 86
□ عزت، آبرو، مرتبہ حاصل کرنے کے لئے 88
□ تونگر اور بے نیاز ہونے کے لئے 94
□ مقصد، کام اور دعاء کی قبولیت کے لئے 96
□ گم ہوجانا یا چوری ہوجانا 100
□ سفر، مسافر 102

۷ رزق، تجارت، کاروبار، ملازمت، کورٹ اور مقدمہ

□ رزق 106
□ مفلسی اور محتاجی دور ہونے کے لئے 109
□ تجارت، کاروبار 111
□ ملازمت، عہدہ 112
□ کورٹ اور مقدمہ 116
□ اسماء الحسنٰی کے وسیلے سے دعاء 123

باب اول

جسمانی اعضاء کی پریشانیاں

سر (Head)

1 آدھے سر کے درد کے لئے شفاء کا عمل

- بیمار کے سر پر انگلی سے 'یَا جَبَّارُ' سات مرتبہ لکھو.
- پھر بیمار کا سر پکڑ کر 'یَا جَبَّارُ'، 'یَا سَلَامُ' سات مرتبہ پڑھ کر دم کرو.
- یہ عمل طلوع آفتاب سے قبل کرنے سے جلد شفاء ہوگی. (انشاء اللہ)

2 درد سر سے شفاء کا پہلا عمل

سر کے معمولی درد کے لئے بھی نمبر:1 میں بتایا ہوا عمل کریں.

3 درد سر سے شفاء کا دوسرا عمل

دائیں ہاتھ سے بیمار آدمی کا سر پکڑ کر 'یَا مُجِیْبُ' ۳ (تین) مرتبہ پڑھ کر دم کرے. اگر درد ختم نہ ہو تو ۵ (پانچ) مرتبہ، ۷ (سات) مرتبہ، ۹ (نو) مرتبہ، ۱۱ (گیارہ) مرتبہ پڑھ کر دم کرے. انشاء اللہ شفاء نصیب ہوگی.

4 درد سر سے شفاء کا تیسرا عمل

'یَا مُحْیِیُ' روزانہ صبح، شام ۱۲۰ (ایک سو بیس) مرتبہ پڑھ کر بیمار آدمی پر دم کرنے سے انشاء اللہ شفاء نصیب ہوگی.

5 درد سر سے شفاء کا چوتھا عمل

'یَـا غَفُوْرُ' ایک کاغذ کے ٹکڑے پر لکھ کر روٹی کے ٹکڑے میں رکھ کر کھانے سے سر کا درد انشاءاللہ ختم ہو جائے گا۔

نیند اور سستی (کاہلی)

6 نیند کا غلبہ دور کرنے کے لئے پہلا عمل

'یَـا مُقْتَدِرُ' روزانہ ۵۰۰ (پانچ سو) مرتبہ پڑھنے سے نیند اور غفلت انشاءاللہ دور ہو جائے گی۔

7 نیند کا غلبہ دور کرنے کیلئے دوسرا عمل

'یَاقَیُّوْمُ' کا ورد کرنے سے نیند کا غلبہ انشاءاللہ ختم ہو جائے گا۔

8 نیند کم آنا اور نیند میں ڈر لگنا

سونے سے قبل 'یَامُتَکَبِّرُ' ۲۱ (اکیس) مرتبہ پڑھ کر خاموش سونے سے انشاءاللہ نیند آ جائے گی اور نیند میں ڈرنے سے حفاظت ہوگی۔

9 سستی دور کرنے کا عمل

'یَـامُحْیِیْ' کو ہمیشہ پڑھنے والا انشاءاللہ ہوشیار اور زندہ دل رہے گا اور عبادت میں سستی و کاہلی نہیں ہوگی۔

بے ہوشی

10 بے ہوشی دور کرنے کا پہلا عمل

بیمار کے سرہانے بیٹھ کر ۳۰۰ (تین سو) مرتبہ 'یَا رَحْمٰنُ'، 'یَا سَلَامُ' پڑھنے سے انشاء اللہ وہ ہوش میں آجائے گا۔

11 بے ہوشی دور کرنے کا دوسرا عمل

بیمار کے سرہانے بیٹھ کر ۱۰۱ (ایک سو ایک) مرتبہ 'یَا شَهِيْدُ' پڑھنے سے انشاء اللہ بیمار ہوش میں آجائے گا۔

آنکھ (Eye)

12 آنکھ کی کم روشنی دور کرنے کا عمل

۴۱ (اکتالیس) مرتبہ 'یَا شَكُوْرُ' پڑھ کر پانی پر دم کرکے وہ پانی آنکھ میں لگانے سے اور پینے سے انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

13 نابینا ہونے سے حفاظت کا عمل

روزانہ فجر کی نماز کے بعد ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا سَلَامُ' پڑھنے والا مرتے دم تک انشاء اللہ اندھا یا لاچار نہیں ہوگا۔

14 آنکھ کے درد کے لئے شفاء کا عمل

- دوپہر کو زوال کے وقت وضوء کے ساتھ ۴۱ (اکتالیس) مرتبہ 'یَا رَحْمٰنُ' پڑھ کر پانی پر دم کرکے سلائی تر کرکے بیمار کی آنکھ میں لگائے۔
- روزانہ سات مرتبہ تر سلائی لگانے سے انشاء اللہ شفاء نصیب ہوگی۔

15 آنکھ کا درد دور کرنے کا عمل

سات مرتبہ 'یَا عَلِیُّ' پڑھ کر، پانی پر دم کرکے، سلائی کے ذریعہ آنکھ میں لگانے سے انشاءاللہ تین دنوں میں شفاء حاصل ہوگی.

16 آنکھ میں پانی آنے سے شفاء کا عمل

- ۱۱۰۰ (گیارہ سو) مرتبہ 'یَا بَصِیْرُ' روزانہ پڑھے.
- اول وآخر یہ درود شریف پڑھے:

'اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِالسَّاجِدِيْنَ سَيِّدِ الرَّافِعِيْنَ سَيِّدِ الْكَامِلِيْنَ وَ عَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ'

- اس عمل سے انشاءاللہ تھوڑے ہی ایام میں شفاء نصیب ہوگی.

17 آنکھ میں پانی آنے سے حفاظت کا عمل

اوپر عمل نمبر: ۱۶ میں بتایا ہوا عمل ہمیشہ کرنے سے مستقبل میں پانی آنے سے انشاءاللہ حفاظت ہوگی.

18 آنکھ میں روشنی کا عمل

آنکھ میں روشنی کے لئے اوپر عمل نمبر: ۱۶ میں بتایا ہوا عمل کرے.

19 آنکھوں کی روشنی کم نہ ہو اُسکا عمل

۲۱ (اکیس) دن تک اشراق کی نماز کے بعد ۵۰۰ (پانچ سو) مرتبہ 'یَا ظَاهِرُ' پڑھے تو انشاءاللہ آنکھوں کی روشنی کم نہیں ہوگی.

20 آنکھوں کی کم روشنی بڑھانے کا عمل

اوپر عمل نمبر: ۱۹ میں بتایا ہوا عمل کرے۔

کان (Ear)

21 کان کے درد کے لئے شفاء کا عمل

'یَا سَمِیْعُ' ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ پڑھ کر روئی پر دم کر کے کان میں ڈالنے سے انشاء اللہ درد ختم ہو جائے گا۔

22 بہرا پن سے حفاظت کا عمل

ہر فرض نماز کے بعد ہمیشہ ۱۱ (گیارہ) مرتبہ 'یَا سَمِیْعُ' پڑھنے سے پوری عمر بہرا پن سے انشاء اللہ حفاظت ہوگی۔

بواسیر (Piles)

23 بواسیر سے حفاظت کا عمل

'یَا مَلِکُ الْقُدُّوْسُ' فجر اور مغرب کی نماز کے بعد ۱۱ (گیارہ) مرتبہ پڑھنے سے انشاء اللہ کبھی بھی بواسیر یا ناسور یا خفیہ امراض نہیں ہونگے۔

24 خونی بواسیر سے شفاء کا پہلا عمل

'یَا عَلِیُّ' ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیئے، انشاء اللہ سات دنوں میں شفاء نصیب ہوگی۔

25 خونی بواسیر سے شفاء کا دوسرا عمل

- اسلامی مہینہ کی ۱۳، ۱۴ اور ۱۵ تاریخ کے تین روزہ رکھے۔
- افطار کے وقت ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا مَجِیْدُ' پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیئے۔ پھر ہاتھ اٹھا کر سات مرتبہ یہ دعاء پڑھے:

'اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْبُخْرِ وَالْجُذَامِ وَمِنْ سَیِّءِ الْاَسْقَامِ'

انشاء اللہ تین دنوں میں شفاء نصیب ہوگی۔

جلد اور خون (Skin & Blood)

26 آتشک کے مرض سے شفاء کا عمل

عمل نمبر: ۲۵ میں بتایا ہوا عمل کرے۔ انشاء اللہ شفاء نصیب ہوگی۔

27 ناپاک زخم کے لئے شفاء کا عمل

عمل نمبر: ۲۵ میں بتایا ہوا عمل کرے۔ انشاء اللہ شفاء نصیب ہوگی۔

28 پھوڑے، پھنسی اور ناسور سے شفاء کا عمل

سات دن تک روزانہ ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ 'یَا رَقِیْبُ' پڑھ کر اس زخم پر دم کرنے سے انشاء اللہ شفاء نصیب ہوگی۔

سینہ (Chest)

29 پسلی کے درد سے شفاء کا عمل

۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا مَجِیْدُ' پڑھ کر روئی پردم کر کے درد کی جگہ باندھنے سے انشاءاللہ شفاء نصیب ہوگی۔

30 سینہ کے درد سے شفاء کا عمل

۱۲۰ (ایک سوبیس) مرتبہ 'یَا مُحْیِیُ' صبح شام پڑھ کر سینہ پر دم کرنے سے انشاءاللہ شفاء نصیب ہوگی۔

31 دل (Heart) کی بیماریوں سے بچنے کا عمل

- بہت ہی اچھے، صاف اور بڑے حروف میں کاغذ پر 'اَللّٰہُ' لکھو۔
- روزانہ دن۔رات میں کم از کم تین مرتبہ بہت ہی ادب سے وضوء کے ساتھ قبلہ رخ تنہائی میں بیٹھ کر اس نام پر محبت کی نگاہ ڈالو۔
- آنکھیں بند کر کے کم از کم ۱۰ (دس) منٹ تک دل میں خیال کرو کہ یہ نام میرے دل میں لکھا ہے۔
- روزانہ تین مرتبہ یہ عمل کرے۔
- انشاءاللہ تمام عمر کبھی بھی خفقان، ہول دل، دل کی دھڑکن، دل کی بے چینی وغیرہ دل کی کوئی بھی بیماری نہیں ہوگی۔
- کوئی بھی جابر وظالم سے دہشت نہیں ہوگی اور عشق الٰہی حاصل ہوگا۔

شکم (پیٹ) (Stomach)

32 پیٹ کے درد سے حفاظت کا عمل

سات مرتبہ 'یَا عَظِیْمُ' پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیئے تو انشاءاللہ کبھی

پیٹ میں درد نہیں ہوگا۔

33 پیٹ کے درد سے شفاء کا عمل

سات مرتبہ 'یَا عَظِیْمُ' کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر پیجئے۔

پستان (Breast)

34 پستان میں دودھ میں اضافہ کرنے کا عمل

'یَا مَتِیْنُ' کو ۹۰ (نوے) مرتبہ کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر پلائے تو انشاءاللہ دودھ میں اضافہ ہوگا۔ یہ عمل ۱۱ (گیارہ) دن تک مسلسل کیا جائے۔

بچّوں کی بیماریاں (Child Disease)

35 مسان کی بیماری سے شفاء کا پہلا عمل

- ۲۵۰ (آدھا سیر) گرام سرسو کا تیل لے کر وضوء کے ساتھ قبلہ رخ بیٹھ کر ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا قَھَّارُ' پڑھ کر دم کرے۔
- وہ تیل صبح اور شام ۲۱ (اکیس) دن تک بچے کے بدن پر مل لے۔

انشاءاللہ بچہ جلد ہی تندرست ہو کر طاقتور بن جائے گا۔

36 مسان کی بیماری سے شفاء کا دوسرا عمل

- ایک تانبے کی تختی پر یہ نقش لکھ کر بچے کے گلے میں پہنا دے۔

یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ، یَا مُذِلُّ یَا مُذِلُّ یَا مُذِلُّ

- ہر مہینہ سات غیر آدمیوں کو کھانا کھلائے۔

37 بچے کی حفاظت کا عمل

بچے کی پیدائش کے بعد فوراً سات مرتبہ 'یَا ہُوْ' پڑھ کر اس پر دم کرنے سے بالغ ہونے تک وہ بچہ تمام آفتوں سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

38 دودھ چھڑاتے وقت بچے کو ہونے والی تکلیف سے شفاء کا عمل

کوئی بچہ ماں کا دودھ چھوڑنے کی تکلیف سے روتا ہو تو کاغذ پر ۷ (سات) مرتبہ 'یَا مَتِیْنُ' لکھ کر پانی میں گھول کر بچہ کو پلائے۔ انشاء اللہ بچہ چپ ہو جائے گا اور صبر پکڑے گا۔

39 بچہ کی قوت فہم اور یادداشت میں اضافہ کرنے کا عمل

- بچہ کو ۴۰ (چالیس) دن تک صبح میں کھانے۔ پینے سے قبل ۲۱ (اکیس) مرتبہ 'یَا عَلِیْمُ' پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے۔
- بچہ کی قوت فہم اور یادداشت انشاء اللہ تیز ہو جائے گی۔

40 قرآن مجید جلد یاد ہونے کے لئے عمل

ہر مہینہ تین دن 'یَا وَاسِعُ' ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کر کے بچہ کو پلائے تو قرآن مجید بہت جلد ہی یاد ہو جائے گا۔

41 بچہ کی ضد دور کرنے کا عمل

۷ (سات) مرتبہ 'یَا مُغِیْثُ' پڑھ کر خالی گلاس میں دم کرے، پھر اس میں پانی بھر کر بچہ کو پلائے تو انشاء اللہ سات دن کے عمل سے بچہ کا رونا اور ضد کرنا موقوف ہو جائے گا۔

42 بچہ کی حفاظت کا پہلا عمل

- حمل کے آغاز سے بچہ کو دودھ پلانے تک مسلسل روزانہ ۳ (تین) مرتبہ یہ عمل کرتے رہے:
- 'سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ' روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر حاملہ عورت کو کھلائے یا کاغذ کے ٹکڑے پر لکھ کر پانی یا دواء میں گھول کر پلائے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے نیا پیدا شدہ بچہ ہر بیماری سے محفوظ رہے گا۔

43 بچہ کی حفاظت کا دوسرا عمل

- ۱۱ (گیارہ) دن تک عشاء کی نماز کے بعد ۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ 'یَا جَبَّارُ' پڑھ کر تین بادام کے مغز پر دم کر کے ایک بادام بیوی کو کھلائے اور دو بادام خود کھائے۔ پھر اپنی بیوی سے خلوت کرے۔
- ۱۱ (گیارہ) دن تک اسی طرح کرے، انشاء اللہ ضرور اُس کی بیوی حاملہ ہو جائے گی، اور نیک فرزند پیدا ہوگا۔
- لڑکے کا نام 'عزیز اللہ' یا 'عطاء اللہ' رکھے۔
- سات سال تک ہر سال ایک بقرہ اللہ تعالیٰ کے لئے ذبح کر کے خالص اللہ تعالیٰ کے لئے غریبوں میں کھانا پکا کر کھلائے۔

- اگر اتنی قدرت نہ ہو تو کچا گوشت تقسیم کر دیا جائے۔
- اگر اتنی بھی قدرت نہ ہو تو کچھ پیسہ ہر مہینہ کے آغاز میں لڑکے کے ہاتھ سے کسی نابینا فقیر کو دلادے۔
- یہ اعمال کرنے سے انشاءاللہ فرزند نیک بنے گا۔

بخار (Fever)

44 بخار ختم ہونے کا عمل

کاغذ پر 'یَا غَفُوْرُ' لکھ کر تعویذ بنا کر باندھنے سے انشاءاللہ بخار اچھا ہو جائے گا۔

45 بخار اور درد سر دور کرنے کا عمل

'یَا غَفُوْرُ' ایک کاغذ کے ٹکڑے پر لکھ کر وہ کاغذ روٹی کے ٹکڑے پر رکھ کر وہ ٹکڑا کھالے۔ انشاءاللہ تین دن میں بخار اور درد سر اچھا ہو جائے گا۔

طاعون اور وباء عام (Plague)

46 طاعون اور وباء عام سے حفاظت کا عمل

جو شخص غسل کر کے قبلہ رخ بیٹھ کر ۱۱۱۵ مرتبہ 'یَا مُھَیْمِنُ' تین دن تک پڑھے گا وہ طاعون اور وباء عام سے انشاءاللہ محفوظ رہے گا۔

بیماری سے شفاء

47 بیماری سے شفاء کا پہلا عمل

دو رکعت تحیۃ الوضوء کی نماز پڑھ کر ۳۰۰ (تین سو) مرتبہ ۲۱ (اکیس) دن تک 'یا لَطِیْفُ' پڑھے۔ انشاء اللہ شفاء ہو جائے گی۔

48 بیماری سے شفاء کا دوسرا عمل

تندرست آدمی ہمیشہ کے لئے بیمار ہو جائے تو ۲۱ (اکیس) دن تک 'یا مُعِیْدُ' پڑھے۔ انشاء اللہ تھوڑے دن میں پہلے جیسا ہی تندرست ہو جائے گا۔

49 بیماری سے شفاء کا تیسرا عمل

۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ 'بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا سَلَامُ' تین دن تک کسی بیمار آدمی کیلئے ختم پڑھنے سے انشاء اللہ جلد شفاء نصیب ہوگی۔

50 بیماری سے شفاء کا چوتھا عمل

سر میں یا سینہ میں درد ہو تو ۱۲۰ (ایک سو بیس) مرتبہ صبح اور شام 'یَا مُحْیِیُ' پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ جلد درد اچھا ہو جائے گا۔

51 بیماری سے شفاء کا پانچواں عمل

'یَا غَنِیُّ' پڑھ کر پورے بدن پر دم کرنے سے انشاء اللہ بیماری سے نجات ملے گی۔

52 بیماری سے شفاء کا چھٹا عمل

فجر کی نماز سے قبل مکان کے چار کونوں میں ۱۰ (دس) مرتبہ 'یَا رَزَّاقُ' پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ اس مکان میں کبھی بیماری نہیں آئے گی قبلہ رخ

منہ کرکے دائیں جانب سے شروع کرے۔

53 بیماری سے شفاء کا ساتواں عمل

بیمار آدمی کے سرہانے کھڑے ہوکر فجر کی سنت اور فرض نماز کے درمیان ۱۲۱ مرتبہ 'یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ' پڑھے گا تو وہ انشاءاللہ تندرست ہوجائے گا۔

54 بیماری سے شفاء کا آٹھواں عمل

'یَا قَادِرُ' کو ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھے، انشاءاللہ شفاء نصیب ہوگی۔

55 بیماری سے شفاء کا نواں عمل

'یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ' کو ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ پڑھ کر پانی پردم کرکے بیمار آدمی کو پلائے، انشاءاللہ تین دن میں شفاء نصیب ہوگی۔

56 بیماری سے شفاء کا دسواں عمل

'یَا کَبِیْرُ' کو روزانہ ۹۰ (نوے) مرتبہ پڑھنے سے انشاءاللہ بہت جلد شفاء نصیب ہوگی۔

57 بیماری سے شفاء کا گیارھواں عمل

سات دن تک ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا حَفِیْظُ' پڑھ کر بیمار آدمی پردم کرنے سے انشاءاللہ بہت جلد شفاء نصیب ہوگی۔

58 بیماری سے شفاء کا بارھواں عمل

'یا مُحیِیُ' کو کثرت سے ورد کرکے بیمار آدمی پر دم کرنے سے انشاء اللہ شفاء نصیب ہوگی.

59 بیماری سے شفاء کا تیرھواں عمل

- بیمار آدمی 'یا حَیُّ' کو کثرت سے پڑھے گا تو جلد شفاء پائے گا.
- بیمار آدمی کیلئے دوسرا شخص پڑھے تو بیمار آدمی کی آنکھوں کے ساتھ آنکھ ملا کر پڑھے.

60 بیماری سے شفاء کا چودھواں عمل

چینی کی پلیٹ پر زعفران سے 'یا حَیُّ' لکھ کر بیمار آدمی کو ۴۰ (چالیس) دن پلائے. انشاء اللہ شفاء نصیب ہوگی.

61 بیماری سے شفاء کا پندرھواں عمل

بے ہوش آدمی کے سرہانے بیٹھ کر ۳۰۰ (تین سو) مرتبہ 'یا رَحْمٰنُ یا سَلامُ' پڑھنے سے انشاء اللہ بہت ہی جلد وہ ہوش میں آجائے گا.

62 بیماری سے شفاء کا سولھواں عمل

روزانہ ۳۱۳ (تین سو تیرہ) مرتبہ 'یا اَللّٰہُ یا سَلامُ یا قَوِیُّ' پڑھنے سے انشاء اللہ شفاء نصیب ہوگی.

لاعلاج بیماری کا علاج

63 لاعلاج بیماری سے شفاء کا پہلا عمل

- جمعہ کے دن جمعہ کی نماز سے قبل پاک صاف ہو کر تنہائی میں ۲۰۰ (دوسو) مرتبہ ''یَا اَللّٰہُ'' پڑھنے والے کی تمام مشکلات آسان ہو جائے گی۔
- جس بیمار کے علاج سے حکیم عاجز آ گئے ہوں اس پر پڑھنے سے انشاء اللہ وہ اچھا ہو جائے گا۔

64 لاعلاج بیماری سے شفاء کا دوسرا عمل

بیمار آدمی کثرت سے ''یَا اَللّٰہُ'' کا ورد کرکے شفاء کی دعاء مانگے گا تو انشاء اللہ اسے مکمل شفاء نصیب ہوگی۔

65 لاعلاج بیماری سے شفاء کا تیسرا عمل

بیمار آدمی کے سر پر ہاتھ رکھ کر ۱۳۰ (ایک سو تیس) مرتبہ باآواز بلند ''یَا سَلَامُ'' پڑھنے سے انشاء اللہ شفاء نصیب ہوگی۔

66 لاعلاج بیماری سے شفاء کا چوتھا عمل

ہمیشہ ''یَا سَلَامُ'' کا ذکر کرنے والا انشاء اللہ ہر قسم کی آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

67 لاعلاج بیماری سے شفاء کا پانچواں عمل

لاعلاج بیماری کے لئے یہ مبارک اسماء پڑھنا مجرب ہے:

''یَا حَلِیْمُ، یَا عَلِیْمُ، یَا عَلِیُّ، یَا عَظِیْمُ''

68 لاعلاج بیماری سے شفاء کا چھٹا عمل

عشاء کی نماز کے بعد بحالت سجدہ ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ 'یَـا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ' پڑھنا لا علاج بیماریوں کی دواء ہے.

بیماری سے حفاظت کے لئے

69 بیماری سے حفاظت کا پہلا عمل

دو رکعت تحیۃ الوضوء کی نماز پڑھ کر ۳۰۰ (تین سو) مرتبہ ۲۱ (اکیس) دن تک 'یَا لَطِیْفُ' پڑھے. انشاء اللہ بیماری سے حفاظت ہوگی.

70 بیماری سے حفاظت کا دوسرا عمل

روزانہ ۳۰۰۰ مرتبہ 'یَا حَیُّ' پڑھنے والا انشاء اللہ کبھی بیمار نہیں ہوگا.

71 بیماری سے حفاظت کا تیسرا عمل

'یَا مَاجِدُ' ۱۰ (دس) مرتبہ پڑھ کر شربت یا دواء پر دم کر کے بیمار آدمی کو پلائے. سات دن میں بیمار اللہ تعالیٰ کے فضل سے انشاء اللہ تندرست ہوجائے گا.

72 بیماری سے حفاظت کا چوتھا عمل

'یَا بَدِیْعُ' ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ہر قسم کے امراض اور ہر قسم کے غم انشاء اللہ دور ہوجائینگے.

سانپ، بچھوں کے ڈسنے کا زہر

73 بچھوں کے ڈسنے سے شفاء کا عمل

پانی میں تھوڑا نمک گھول کر ۷۰ (ستر) مرتبہ 'یَا وَاسِعُ' پڑھ کر اس پانی پر دم کرے اور اس نمکین پانی کو بچھوں کے ڈسنے کی جگہ پر بار بار لگائے، انشاءاللہ فوراً ہی تکلیف دور ہو جائے گی۔

74 سانپ کے زہر سے شفاء کا عمل

'یَا اَحَدُ' کے ساتھ 'یَا وَاحِدُ' ملا کر ۱۰۱ (ایک سو ایک) مرتبہ پڑھ کر سانپ ڈسے ہوئے آدمی پر دم کرے تو انشاءاللہ سانپ کا زہر ختم ہو جائے گا۔

کمزوری (Weakness)

75 روزہ میں کمزوری دور کرنے کا عمل

روزہ دار کو کمزوری آجائے اور شام تک روزہ رکھنا مشکل ہو جائے تو کوئی خوشبودار پھول پر ۷ مرتبہ 'یَا مُقِیتُ' پڑھ کر دم کرے اور وہ پھول اسے سونگھائے انشاءاللہ روزہ میں طاقت پیدا ہوگی اور بہت ہی آسانی سے روزہ ختم ہوگا۔

رحمدانی (بچہ دانی) (Womb)

76 بحالت حمل کرنے کا عمل

اگر عورت بحالت حمل وضوء کر کے روزانہ ۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ 'یَا مُتَعَالِیُ' پڑھے، تو انشاءاللہ کبھی اس کا بچہ فالج کی بیماری میں مبتلا نہیں ہوگا۔ پڑھنے والی عورت بھی ہر قسم کی آفتوں سے سلامت رہے گی۔

77 رحمدانی کی بیماری سے بچنے کا عمل

خاوند اپنی بیوی کے پاس جانے سے قبل ۷۰ (ستر) مرتبہ 'یَا مُغْنِیُ' پڑھے گا تو وہ کبھی رحمدانی کی بیماری میں مبتلا نہیں ہوگی۔

78 استقرارِ حمل اور اولاد ہونے کا پہلا عمل

- ایک سیب کا چھلکا نکال کر یا مرغی کے اُبلے ہوئے انڈے کا چھلکا نکال کر سفید حصہ پر ۷ (سات) مرتبہ 'یَا مُبْدِئُ' لکھ کر تین دن تک صبح کے وقت بیوی کو کھلائے۔ انشاءاللہ پہلے ہی مہینہ میں استقرارِ حمل ہو جائے گا۔
- پہلے مہینہ میں نہیں ہوا تو دوسرے مہینہ بھی اسی طرح کرے۔
- پھر تیسرے مہینہ میں بھی اسی طرح کرے، انشاءاللہ تین مہینہ میں ضرور استقرارِ حمل ہوگا۔

79 استقرارِ حمل و اولاد ہونے کا دوسرا عمل

۷ (سات) دن تک سیب کے ۷ (سات) ٹکڑے پر 'یَا مُنْعِمُ' لکھ کر بیوی کو کھلائے۔ انشاءاللہ استقرارِ حمل ہوگا۔

80 استقرارِ حمل و اولاد ہونے کا تیسرا عمل

- جس عورت کو ناقص حمل ساقط ہو جاتا ہو وہ خود یا اس کا کوئی رشتہ دار ۷ دن تک بلا ناغہ روزانہ ۷۰۰ مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد 'یَا خَالِقُ' پڑھے۔
- وظیفہ کے آغاز میں اور اختتام پر نیچے لکھا ہوا مبارک درود شریف پڑھے:

'اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاهِ بِقَدْرِ عَظْمَتِهٖ ذَاتِکَ'

- روزانہ یہ وظیفہ ختم کرنے کے بعد پانی پر دم کرکے بیوی کو پلائے. اس طرح ۷(سات) دن تک کرے.
- روزانہ تھوڑی روئی لے کر اسے وظیفہ پڑھتے ہوئے پانی میں تر کرکے اس کا تعویذ بنا کر بیوی کے گلے میں پہنائے.
- اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے تھوڑی ہی مدت میں استقرار حمل ہوگا. اور صحیح و سلامت تندرست بچہ پیدا ہوگا.
- بچہ پیدا ہوتے ہی اسی دن وہ تعویذ ماں کے گلے سے نکال کر بچے کے گلے میں پہنا دے. انشاء اللہ بچے کی عمر میں برکت ہوگی.

81 استقرارِ حمل و اولاد ہونے کا چوتھا عمل

'یَا وَاحِدُ الْاَحَدُ' لکھ کر اپنے پاس رکھے. انشاء اللہ نیک اولاد نصیب ہوگی.

82 استقرارِ حمل اور اولاد ہونے کا پانچواں عمل

جماع کے آغاز میں 'یَا نَافِعُ' ۴۱ (اکتالیس) مرتبہ پڑھنے سے انشاء اللہ نیک اولاد پیدا ہوگی.

83 نیک اولاد پیدا ہونے کا پہلا عمل

بیوی کو استقرار حمل ہو اس دن سے بچہ پیدا ہو وہاں تک روزانہ ۴۱ (اکتالیس) مرتبہ 'یَا قُدُّوْسُ' پڑھ کر پانی یا دواء پر دم کرکے حاملہ عورت کو

پلائے۔انشاءاللہ نیک اولاد پیدا ہوگی۔

84 نیک اولاد پیدا ہونے کا دوسرا عمل

بیوی سے جماع کرنے سے قبل ۱۰ (دس) مرتبہ 'یَا مُتَکَبِّرُ' پڑھے۔ انشاءاللہ نیک اولاد پیدا ہوگی۔

85 لڑکا پیدا ہونے کا پہلا عمل

شوہر یا دوسری کوئی عورت اس کے پیٹ پر انگلی سے ۷۰ (ستر) مرتبہ دائرہ کرکے ہر مرتبہ 'یَا مَتِیْنُ' پڑھے، انشاءاللہ لڑکا پیدا ہوگا۔

86 لڑکا پیدا ہونے کا دوسرا عمل

رمضان المبارک کی پہلی جمعہ میں جمعہ کی نماز کے بعد 'یَا وَاحِدُ' کو ۱۰۱ (ایک سو ایک) مرتبہ کاغذ پر لکھ کر اسے تعویذ کے طور پر اپنی دائیں جانب بازو پر باندھے۔انشاءاللہ اسی سال نیک فرزند پیدا ہوگا۔بہت ہی مجرب عمل ہے۔

87 لڑکا پیدا ہونے کا تیسرا عمل

شوہر ۴۰ (چالیس) دن تک روزانہ ۴۰ (چالیس) مرتبہ 'یَـــا اَوَّلُ' پڑھے اور پانی یا شربت پر دم کرکے نصف خود پیئے اور نصف اپنی بیوی کو پلائے تو انشاءاللہ نیک فرزند پیدا ہوگا۔

88 لڑکا پیدا ہونے کا چوتھا عمل

عورت مسلسل ۷ روزہ رکھے اور پانی سے افطار کرے اور افطار کے

بعد ۲۱ مرتبہ 'اَلْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ' پڑھے. انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا.

89 لڑکا پیدا ہونے کا پانچواں عمل

عورت ۷ (سات) روزہ رکھے اور روزہ افطار کرنے کے بعد 'یَا مُصَوِّرُ' ۲۱ (اکیس) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس سے روزہ افطار کرے. انشاء اللہ نیک فرزند پیدا ہوگا.

90 بحالت حمل آسانی کے لئے عمل

حاملہ عورت ۲۱ مرتبہ 'یَا قَوِیُّ' پڑھے تو انشاء اللہ حمل کے ایام بہت ہی آسانی کے ساتھ گذریں گے اور تندرستی اور طاقت قائم رہے گی.

91 اسقاط حمل سے حفاظت کا پہلا عمل

عورت اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر ۷ (سات) مرتبہ 'یَا رَقِیْبُ' پڑھے. انشاء اللہ اسقاط حمل نہیں ہوگا.

92 اسقاط حمل سے حفاظت کا دوسرا عمل

خاوند 'یَا مُبْدِئُ' ۹۰ (نوے) مرتبہ پڑھ کر حاملہ کے پیٹ پر دائرہ بنانے کی طرح انگلی گھمائے. اس عمل کو ۷ (سات) دن تک مسلسل کرتا رہے. انشاء اللہ اسقاط حمل نہیں ہوگا.

93 اسقاط حمل سے حفاظت کا تیسرا عمل

صبح سویرے حاملہ عورت کے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر ۹۹ (ننانوے) مرتبہ

'یَا مُبْدِئُ' پڑھنے سے انشاءاللہ نہ اسقاطِ حمل ہوگا اور نہ وقت سے قبل بچہ پیدا ہوگا۔

94 ولادت میں آسانی کے لئے عمل

جس حاملہ عورت کو (ولادت کے ایام ہونے کے باوجود) بچہ پیدا نہ ہوتا ہو اور سخت درد ہوتا ہو تو ۱۲۰ (ایک سو بیس) مرتبہ 'یَا اَللّٰهُ' پڑھ کر گڑ یا خمیرہ وغیرہ پر دم کر کے تین حصہ کر کے کھلایا جائے تو فوراً اللہ تعالیٰ کے فضل سے مشکل آسان ہو جائے گی۔ یہ مجرب عمل ہے۔

یادداشت بڑھانے کے لئے

95 بھولی ہوئی چیز یاد آنے کے لئے عمل

'یَا مُعِیْدُ' بکثرت پڑھنے سے بھولی ہوئی بات انشاءاللہ یاد آ جائے گی۔

96 یادداشت قوی کرنے کا پہلا عمل

۴۰ (چالیس) دن تک صبح سویرے میں کھانے، پینے سے قبل ۲۱ (اکیس) مرتبہ 'یَا عَلِیْمُ' پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچہ کو پلائے تو انشاءاللہ بچہ کی قوت فہم اور یادداشت قوی ہو جائے گی۔

97 یادداشت قوی کرنے کا دوسرا عمل

- تین عدد بادام پر 'یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ' پڑھ کر دم کرے۔
- ایک عدد بادام صبح کو، ایک دوپہر کو اور ایک رات کو سوتے وقت کھالے۔

- ۲۱ (اکیس) دن عمل کرنے سے انشاء اللہ دماغ اور یادداشت قوی ہو جائے گی۔

98 یادداشت قوی کرنے کا تیسرا عمل

'یَا عَلِیْمُ' بکثرت پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اپنے علم اور معرفت کے دروازہ کھول دے گا اور پڑھنے والے کی یادداشت انشاء اللہ قوی ہوگی۔

99 دل سے شکوک، شبہات دور کرنے کا عمل

روزانہ ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا اَللّٰہُ' پڑھنے سے انشاء اللہ دل سے ہر قسم کے شکوک وشبہات دور ہو جائیں گے، یقین مضبوط بنے گا۔

100 غصہ دور کرنے کا عمل

- جو شخص ۱۰ (دس) مرتبہ درود شریف اور ۱۰ (دس) مرتبہ 'یَا رَؤُوْفُ' پڑھے گا تو اس کا غصہ دور ہو جائے گا۔
- غضبناک آدمی کے سامنے اوپر بتایا ہوا کرنے سے انشاء اللہ اس کا غصہ بھی دور ہو جائے گا۔

101 سستی دور ہونے اور دماغی تازگی کے لئے عمل

فجر کی نماز کے بعد سے طلوع آفتاب تک 'یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ' کا ورد کرنے سے انشاء اللہ طبیعت میں تازگی آئے گی اور سستی دور ہو جائے گی۔

باب دوم

قلب سے وابستہ امور

قلب کی صفائی (تزکیہ)

102 قلب کی صفائی کے لئے پہلا عمل

دو رکعت نفل نماز ادا کر کے تنہائی میں قلبی خلوص اور کامل توجہ کے ساتھ 'یا مُهَيْمِنُ' کا ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ ذکر کرے، انشاءاللہ ظاہر اور باطن، بیرونی اور اندرونی صفائی ہو جائے گی اور اسرار الٰہی منکشف ہو جائیں گے۔

103 قلب کی صفائی کے لئے دوسرا عمل

۷ (سات) دن تک زوال کے وقت ۱۳۰ (ایک سو تیس) مرتبہ 'یا مَلِکُ' پڑھے۔ انشاءاللہ قلب کی صفائی اور بے پروائی ہوگی۔

104 قلبی غم دور کرنے کا عمل

تین روز روٹی کے ٹکڑے پر تین مرتبہ 'یا غَفُوْرُ' لکھ کر کھائے۔ انشاءاللہ تمام غم دور ہو جائے گا۔

105 قلبی غفلت دور کرنے کا پہلا عمل

'یا رَحْمٰنُ یا رَحِیْمُ' دونوں اسماء ملا کر ہر نماز کے بعد ۲۱ (اکیس) مرتبہ پڑھنے سے انشاءاللہ غفلت دور ہو جائے گی اور نماز کی محبت پیدا ہوگی۔

106 قلبی غفلت دور کرنے کا دوسرا عمل

جمعہ کے دن طلوع آفتاب کے ایک گھنٹہ کے بعد ۳۰۰ مرتبہ 'یَا قَوِیُّ' پڑھنے سے قلبی غفلت انشاءاللہ دور ہوگی۔ سات جمعہ تک یہ عمل برابر جاری رکھے۔

107 قلب میں نیک توفیق پیدا ہونے کا عمل

جمعہ کی نماز کے بعد ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ 'یَا بَصِیْرُ' پڑھنے سے انشاء اللہ قلبی صفائی ہوگی اور اچھے کام کرنے کی توفیق ہوگی۔

108 قلب سے ریاء دور کرنے کا عمل

- 'یَا شَہِیْدُ' کا مطلب ذہن میں رکھ کر ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ پڑھے۔
- ۲۱ (اکیس) دن تک یہ عمل کرے۔

انشاءاللہ قلب میں سے ریاء دور ہو جائے گی۔

109 قلب سے برائی دور کرنے کا عمل

'یَا مَانِعُ' بکثرت پڑھنے سے انشاءاللہ قلبی برائی دور ہو جائے گی۔

110 قلب سے غفلت دور کرنے کا عمل

طلوع آفتاب کے بعد 'یَا مُقْتَدِرُ' کثرت سے پڑھنے سے انشاءاللہ قلبی غفلت دور ہو جائے گی۔

111 قلب سے دنیوی محبت دور کرنے کا عمل

'یَا قَھَّارُ' کا کثرت سے ورد رکھنے سے انشاء اللہ قلب سے دنیوی محبت دور ہوجائے گی اور اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا ہوجائے گی۔

112 قلب سے گناہ کی رغبت دور کرنیکا عمل

روزانہ ۷ (سات) مرتبہ 'یَا بَرُّ' پڑھنے سے انشاء اللہ قلب سے گناہوں کی رغبت دور ہوجائے گی۔

113 قلب سے دنیوی محبت دور کرنیکا عمل

'یَا بَرُّ' بکثرت پڑھنے سے انشاء اللہ دنیوی محبت دور ہوجائے گی۔

114 قلب سے مخلوق کی محبت دور کرنے کا عمل

'یَا وَاحِدُ الْاَحَدُ' کو روزانہ ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ پڑھنے والے کے دل سے انشاء اللہ مخلوق کی محبت اور خوف چلا جائے گا۔

115 قلب سے سختی دور کرنے کا عمل

روزانہ ہر نماز کے بعد ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ 'یَا رَحْمٰنُ' کا ذکر کرنے والے کے دل سے سختی اور غفلت انشاء اللہ دور ہوگی۔

116 قلب سے حرص و طمع دور کرنیکا عمل

- فجر کی نماز کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ 'یَا غَنِیُّ' پڑھو۔
- اس کے بعد ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ قلب پر ہاتھ رکھ کر 'یَا غَنِیُّ' پڑھو۔

● ۱۱ (گیارہ) دن کے عمل سے انشاء اللہ نفسانی حرص و طمع دور ہو جائے گی.

117 قلب سے نفسانی خواهشات دور کرنے کا عمل

'یَا خَبِیْرُ' بکثرت پڑھنے سے انشاء اللہ یہ برائی دور ہو جائے گی.

118 قلب سے شیطانی وسوسے دور کرنے کا عمل

'یَا مُقِیْتُ' روزانہ صبح ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ پڑھنے سے ۴۰ (چالیس) دن کے اندر انشاء اللہ وسوسے کا آنا کم ہو جائے گا.

119 قلب سے شیطانی وسوسے دور کرنیکا عمل

'یَا مُقْسِطُ' روزانہ پڑھنے سے شیطانی وسوسے انشاء اللہ دور ہونگے.

120 قلب سے شکوک و شبهات دور کرنیکا عمل

روزانہ ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا اَللّٰہُ' پڑھنے سے انشاء اللہ قلب کے ہر قسم کے شکوک وشبہات دور ہونگے، اور یقین مضبوط ہوگا.

قلب میں نیک صفات پیدا کرنے کے لئے

121 قلب میں نور پیدا کرنے کا پهلا عمل

روزانہ مسلسل زوال کے وقت 'یَا مَلِکُ' پڑھنے والے کا قلب انشاء اللہ نورانی بنے گا.

122 قلب میں نور پیدا کرنے کا دوسرا عمل

نصف رات کو 'یَا خَالِقُ' وظیفہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ قلب کو ایمان کے نور سے نورانی فرمائے گا.

123 قلب میں نور پیدا کرنے کا تیسرا عمل

فجر کی نماز کے بعد دونوں ہاتھ سینہ پر رکھ کر 'یَا فَتَّاحُ' ۷۰ (ستر) مرتبہ پڑھنے والے کا قلب انشاءاللہ ہدایت اور ایمان کے نور سے نورانی بنے گا.

124 قلب میں نور پیدا کرنے کا چوتھا عمل

جمعہ کی نماز کے بعد ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ 'یَا بَصِیْرُ' پڑھنے سے اللہ تعالیٰ آنکھ میں روشنی اور قلب میں نور پیدا فرمائے گا.

125 قلب میں نور پیدا کرنے کا پانچواں عمل

کھاتے وقت 'یَا وَاجِدُ' پڑھنے سے انشاءاللہ قلب میں نور پیدا ہوگا.

126 قلب میں نور پیدا کرنے کا چھٹا عمل

'یَا مَاجِدُ' حال (بے خودی) طاری ہونے تک پڑھنے سے قلب انوار الٰہیہ سے انشاءاللہ نورانی بنے گا.

127 قلب میں نور پیدا کرنے کا ساتواں عمل

اشراق کی نماز کے بعد ۵۰۰ (پانچ سو) مرتبہ 'یَا ظَاهِرُ' پڑھنے سے

انشاءاللہ آنکھوں میں روشنی اور قلب میں نور پیدا ہوگا۔

128 قلب میں نور پیدا کرنے کا آٹھواں عمل

جمعہ کی رات کو ۷ (سات) مرتبہ سورۃ 'نور' اور ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا نُوْرُ' پڑھنے سے قلب انوار الٰہی سے انشاءاللہ نورانی ہوگا۔

129 قلب میں نور پیدا کرنے کا نواں عمل

- 'یَا خَالِقُ' صبح اور شام بے شمار مرتبہ پڑھنے والے کے لئے اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ پیدا کرے گا۔
- وہ فرشتہ قیامت تک جو کچھ عبادت کرے گا وہ عبادت اس آدمی کے اعمال نامہ میں لکھی جائے گی۔
- اس آدمی کا قلب اور چہرا نورانی بنے گا اور اچھے کاموں میں قلب مضبوط رہے گا۔

130 قلب میں نور پیدا کرنے کا دسواں عمل

رات کو سوتے وقت اپنے سینہ پر ہاتھ رکھ کر ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ 'یَا بَاعِثُ' پڑھنے سے انشاءاللہ قلب نورانی ہوجائے گا۔

131 نفس کو اللہ کا تابعدار بنانے کا پہلا عمل

ہمیشہ 'یَا مُقَدِّمُ' کا ورد کرنے والا انشاءاللہ، اللہ کا تابعدار بن جائے گا۔

132 نفس کو اللہ کا تابعدار بنانیکا دوسرا عمل

سوتے وقت سینہ پر ہاتھ رکھ کر 'یا مُمِیتُ' پڑھتے پڑھتے سونے سے انشاء اللہ نفس اللہ تعالیٰ کا تابعدار بن جائے گا۔

133 نفس کو اللہ کا تابعدار بنانے کا تیسرا عمل

روزانہ ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ 'یـا مُقَیِتُم' وظیفہ پڑھنے والے کا نفس انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ کی تابعداری میں رہے گا۔

134 نفس کو اللہ کا تابعدار بنانیکا چوتھا عمل

فجر کی سنت کے بعد فرض نماز سے قبل ۴۱ (اکتالیس) دن تک ۴۱ (اکتالیس) مرتبہ 'یا مُؤَخِرُ' پڑھنے سے انشاء اللہ نفس تابعدار بن جائے گا۔

135 کشف و ایمان کے دروازے کھولنے کا عمل

فجر کی نماز کے بعد 'یـا عَلِیمُ' ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کشف اور ایمان کے دروازے کھول دیگا۔

136 علم و معرفت کے دروازے کھولنے کا عمل

'یـا عَلِیمُ' بکثرت پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اپنے علم اور معرفت کے دروازے انشاء اللہ کھول دے گا اور پڑھنے والے کا قوت حافظ قوی ہوگا۔

137 علم و حکمت حاصل ہونے کا پہلا عمل

'یا عَلِیمُ' بکثرت پڑھنے والے کے لئے انشاء اللہ علم اور حکمت کے دروازے کھول جائیں گے۔

138 علم و حکمت حاصل ہونیکا دوسرا عمل

روزانہ رات کو سوتے وقت سینہ پر ہاتھ رکھ کر ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ 'یَا بَاعِثُ' پڑھنے والے کا قلب انشاءاللہ علم و حکمت سے زندہ ہو جائے گا۔

139 قلب میں اسرار الٰہی حاصل ہونیکا عمل

رات کے آخری حصہ میں باوضوء ۹۹ (ننانوے) مرتبہ 'یَا حَکَمُ' پڑھنے والے کا قلب انشاءاللہ اسرارِ الٰہی کی دولت سے مالا مال ہوگا۔

140 قلب میں عشق الٰہی پیدا ہونے کا عمل

'یَا اَللّٰہُ' مسلسل پڑھنے والے کے دل میں انشاءاللہ عشق الٰہی پیدا ہوگا۔

141 قلب میں خلوص پیدا ہونے کیلئے عمل

سوتے، اٹھتے ۲۰ (بیس) مرتبہ 'یَا مُقْتَدِرُ' پڑھنے والے کے تمام کاموں میں انشاءاللہ خلوص پیدا ہوگا۔

142 قلب میں ھدایت حاصل ہونے کیلئے پہلا عمل

'یَا ھَادِیُ' کا ورد کرنے سے انشاءاللہ ہدایت نصیب ہوگی۔

143 قلب میں ھدایت حاصل ہونے کیلئے دوسرا عمل

فجر اور عشاء کی نماز کے بعد دعاء کے لئے ہاتھ اٹھا کر ۷ (سات) مرتبہ 'یَا ھَادِیُ' کہے، اس کے بعد ہاتھ منھ پر پھیر لے۔ انشاء اللہ ہر کام میں عقل راہِ راست پر اور ارادہ صحیح اور درست رہے گا۔

144 قلب میں نیک اعمال کی توفیق ہونے کا تیسرا عمل

جمعہ کی رات کو 'یَا وَلِیُّ' ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ پڑھنے سے انشاء اللہ نیک اعمال کی توفیق نصیب ہوگی۔

145 قلب میں عبادت کا شوق پیدا ہونے کے لئے چوتھا عمل

جمعہ کی نماز کے بعد روٹی پر 'سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحُ' لکھ کر کھائے تو انشاء اللہ قلب میں عبادت کا شوق پیدا ہوگا اور اللہ تعالیٰ اسے آفتوں سے محفوظ رکھے گا۔

146 قلب میں عبادت کا شوق پیدا ہونے کے لئے پانچواں عمل

اگر کوئی پہلے عابد، زاہد تھا، اب عبادت چھوٹ گئی اور وہ چاہتا ہے کہ اُس کی پہلے جیسی حالت ہوجائے تو ۲۱ (اکیس) دن تک 'یَا مُعِیْدُ' پڑھے۔ انشاء اللہ چند دن میں پہلے جیسی حالت قائم ہوجائے گی۔

147 قلب کو ذاکر بنانے کا عمل

جو شخص 'یَا مُؤَخِّرُ' روزانہ ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ پڑھے گا اس میں ولیوں جیسی صفات پیدا ہوگی. اللہ تعالیٰ کی یاد کے بغیر اس کے قلب کو ان شاء اللہ سکون حاصل نہیں ہوگا.

148 قلب کو مضبوط بنانے کا عمل

جو شخص ہمیشہ پانچ وقت کی نماز کے بعد ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ 'یَا جَبَّارُ' پڑھے گا تو لوگ اس کی غیبت کرے یا اس کو برا، بھلا کہیں اس سے ناراض نہیں ہوگا. اس کا دل ان شاء اللہ مضبوط اور صابر ہو جائے گا. کسی مصیبت سے حالت خراب نہیں ہوگی. جواں مردی اور نیکی کی طرف اس کا قلب مائل ہوگا.

149 قلب میں نرمی و شفقت پیدا کرنے کا عمل

جو شخص روزانہ ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ 'یَا رَحِیْمُ' پڑھے تو اس کے قلب میں نرمی و شفقت ان شاء اللہ پیدا ہوگی.

150 قلب خوش رہنے کے لئے عمل

روزانہ ۳۰۰ (تین سو) مرتبہ 'یَا قَیُّوْمُ' پڑھنے والے کا قلب ان شاء اللہ ہمیشہ خوش رہے گا.

151 قلب میں صبر و سکون پیدا ہونے کا عمل

'یَا صَبُوْرُ' ۱۳۵ (ایک سو پینتیس) مرتبہ پڑھ کر جناب الٰہی میں دعاء کرے تو انشاء اللہ صبر و سکون حاصل ہوگا۔

152 مخالف شریعت سے نفرت پیدا ہونے کا عمل

جو شخص 'یَا ضَارُّ' بکثرت پڑھے گا وہ اللہ تعالیٰ کے دشمنوں سے عداوت زیادہ رکھے گا۔ مخالف شریعت سے کبھی خوش نہ ہوگا۔ فاروقی صفات انشاء اللہ اس میں بکثرت ہوگی۔

153 بے نیازی حاصل ہونے کا پہلا عمل

فجر کی نماز کے بعد ۱۲۰ (ایک سو بیس) مرتبہ 'یَا مَلِکُ' پڑھنے سے اللہ تعالیٰ بے نیازی عطا کرے گا اور غنی بنائے گا۔

154 بے نیازی حاصل ہونے کا دوسرا عمل

بکثرت 'یَا وَاسِعُ' کا ورد رکھنے والے کو انشاء اللہ ظاہری و باطنی بے نیازی نصیب ہوگی۔

155 بے نیازی حاصل ہونے کا تیسرا عمل

صبح سویرے سجدہ میں سر جھکا کر 'یَا صَمَدُ' ۱۱۵ مرتبہ یا ۱۲۵ مرتبہ پڑھنے والے کو انشاء اللہ ظاہری و باطنی سچائی اور بے نیازی نصیب ہوگی۔

156 بے نیازی حاصل ہونے کا چوتھا عمل

باوضوء 'یَا صَمَدُ' باربار پڑھنے والے کوانشاء اللہ مخلوق سے بے نیازی نصیب ہوگی.

157 بے نیازی حاصل ہونے کا پانچواں عمل

'یَا مَالِکَ الْمُلْکِ' کو ہمیشہ پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ انشاء اللہ لوگوں سے بے نیاز بنادے گا.

158 بے نیازی حاصل ہونے کا چھٹا عمل

- جو آدمی دن میں ۱۱ (گیارہ) بجے باوضوء قبلہ رخ کھڑے ہو کر سجدہ کی یہ آیت پڑھے: 'وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ'
- پھر سجدہ میں جا کر 'یَا وَهَّابُ' پڑھے،
- تو تمام مخلوق سے وہ آدمی انشاء اللہ بے پرواہ رہے گا.

قلب کی حفاظت

159 قلب کی باطنی امراض سے حفاظت کا عمل

زوال کے وقت 'یَا قُدُّوْسُ' ہمیشہ پڑھنے والے کا قلب ریاء، حرص، بے خودی اور عداوت وغیرہ باطنی امراض سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا.

160 نفس اور شیطان سے قلب کی حفاظت کا عمل

'یَا تَوَّابُ' کو ۷۰۰ (سات سو) مرتبہ روزانہ پڑھنے والا انشاء اللہ کبھی بھی نفس و شیطان کی جال میں نہیں پھنسے گا۔

قلب کے رنج و غم

161 قلب سے رنج و غم دور کرنے کا پہلا عمل

'یَا غَفُوْرُ' بکثرت پڑھنے سے انشاء اللہ رنج و غم دور ہوگا۔

162 قلب سے رنج و غم دور کرنیکا دوسرا عمل

جس کو کوئی مصیبت یا رنج و غم ہو وہ 'یَا صَبُوْرُ' ۱۳۵ (ایک سو پینتیس) مرتبہ پڑھ کر جناب الٰہی میں دعاء کریں۔ انشاء اللہ صبر و سکون نصیب ہوگا۔

163 قلب سے رنج و غم دور کرنے کا تیسرا عمل

جس آدمی کو غم زیادہ ہو وہ 'یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ' ۵۰۰ (پانچ سو) مرتبہ پڑھ کر جناب الٰہی میں دعاء کرے۔ انشاء اللہ صبر و سکون نصیب ہوگا۔

164 قلب سے رنج و غم دور کرنیکا چوتھا عمل

جو آدمی رنج و غم میں مبتلا ہو وہ ۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ 'یَا مُقْسِطُ' پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے انشاء اللہ غم دور ہوگا۔ اور خوشی نصیب ہوگی۔

165 قلب سے رنج و غم دور کرنے کا پانچواں عمل

اگر کسی کے رشتہ دار کا انتقال ہو گیا ہو اور اس کی جدائی میں سب بے چین ہو تو ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا صَبُوْرُ' پڑھ کر پانی پر دم کر کے پانی پلائے. اس کے قلب کو انشاء اللہ صبر حاصل ہوگا. سات دن مسلسل یہ عمل کرے. اللہ تعالیٰ اس کے غم کو بھلا دے گا.

166 قلب سے تمام غم دور کرنے کا عمل

جمعہ کی رات کو ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا بَاقِیُ' پڑھنے والے کے انشاء اللہ تمام غم دفع ہو جائینگے.

تسخیر قلب

167 تسخیر قلب کا عمل

صبح صادق کے بعد آفتاب نکلنے تک 'یَا قَیُّوْمُ' بکثرت پڑھنا تسخیر قلب کا مجرب عمل ہے.

تنبیہ : ناجائز امور کے لئے یہ عمل کرنے والے کو نقصان ہوگا.

کشف و الہام

168 کشف اور ایمان کے دروازے کھلنے کا پہلا عمل

فجر کی نماز کے بعد 'یَا عَلِیْمُ' ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ پڑھنے والے کے لئے انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ کشف اور ایمان کے دروازے کھولے گا.

169 کشف اور ایمان کے دروازے کھلنے کا دوسرا عمل

جمعہ کی نماز کے بعد ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ 'یَا بَصِیْرُ' پڑھنے سے انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ قلب میں نور پیدا فرمائے گا۔ اور قلب کی آنکھیں کھولے گا۔

170 کشف کے ذریعہ (غیب کی باتیں) ظاھر ھونے کا تیسرا عمل

سات دن تک 'یَا خَبِیْرُ' بکثرت پڑھنے والے کے سامنے انشاء اللہ غیب کی باتیں ظاہر ہوگی۔

171 کشف کے ذریعہ (غیب کی باتیں) ظاھر ھونے کا چوتھا عمل

لب بند کر کے دل سے ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا بَاطِنُ' پڑھنے والا انشاء اللہ اہل باطن اور غیبی اسرار کا عالم بنے گا، لیکن حلال روزی شرط ہے۔

172 کشف کے ذریعہ (غیب کی باتیں) ظاھر ھونے کا پانچواں عمل

- رات کا تیسرا حصہ گذرنے کے بعد 'یَا بَاطِنُ' سات دن تک ۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ پڑھے اور خاموش سو جائے۔
- انشاء اللہ سات دن میں غیب کی باتیں ظاہر ہو جائے گی۔

173 کشف کے ذریعہ (غیب کی باتیں) ظاہر ہونے کا چھٹا عمل

رجب، شعبان اور رمضان مہینہ میں 'یَا نَافِعُ' روزانہ ۷۰۰۰ (سات ہزار) مرتبہ پڑھنے والا انشاء اللہ اہل کشف اور اہل باطن بن جائے گا۔

174 کشف کے ذریعہ عالم غیب نظر آنے کا ساتواں عمل

'یَا اَللّٰہُ یَا صَمَدُ' روزانہ ۱۱۰۰۰ (گیارہ ہزار) مرتبہ پڑھنے والا انشاء اللہ صاحب کشف اور بلند مرتبہ والا ہو جائے گا۔ اور اسے کبھی کبھی عالم غیب کا دیدار انشاء اللہ نصیب ہوگا۔

175 کشف کے ذریعہ عالم غیب نظر آنے کا آٹھواں عمل

روزانہ ۳۳ (تینتیس) مرتبہ 'یَا بَاطِنُ' پڑھنے والے کے سامنے انشاء اللہ غیب کی باتیں ظاہر ہونے لگے گی اور قلب میں اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا ہوگی۔

176 الہام کے ذریعہ اپنے کام کی حقیقت معلوم کرنے کا پہلا عمل

جس کو اپنے کام کی کامیابی کی کوئی تدبیر سمجھ میں نہ آتی ہو تو وہ شخص مغرب اور عشاء کے درمیان ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا رَشِیْدُ' پڑھے۔

انشاءاللہ خواب میں تدبیر نظر آئے گی یا قلب میں اس کا الہام ہوگا۔

177 الہام کے ذریعہ اپنے کام کی حقیقت معلوم کرنے کا دوسرا عمل

- 'یَا بَدِیْعُ' اس مبارک نام کو باوضوء پڑھ کر سو جائے۔
- جس کام کا ارادہ کرے گا، وہ اسے خواب میں انشاءاللہ نظر آئے گا۔

استخارہ

(کسی کام کے کرنے، نہ کرنے میں اللہ تعالیٰ سے اشارہ چاہنا)

178 استخارہ کا پہلا طریقہ

- غسل کر کے قبلہ رخ بیٹھ کر ۱۱۱۵ (ایک ہزار ایک سو پندرہ) مرتبہ 'یَا مُھَیْمِنُ' تین دن تک پڑھے۔
- جس کام کا استخارہ کرینگے اس کا نتیجہ انشاءاللہ نظر آجائے گا۔

179 استخارہ کا دوسرا طریقہ

- جمعہ کی رات کو عشاء کی نماز کے بعد سجدہ میں جا کر ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ 'یَا عَلِیْمُ' پڑھے اور پھر خاموش سو جائے۔
- رات کو انشاءاللہ اس کام کا مکمل حال معلوم ہوگا۔

180 استخارہ کا تیسرا طریقہ

- جمعرات کو روزہ رکھے۔
- مغرب کے وقت روزہ افطار کر کے اول وقت میں عشاء کی نماز پڑھے۔
- نیچے لکھے ہوئے عمل کے اول اورا خیر میں ۱۱ (گیارہ) مرتبہ:

'سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ، وَ سَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ' پڑھے۔

- ۱۱۰۰ (گیارہ سو) مرتبہ 'یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ' پڑھے اور خاموش سو جائے۔
- انشاءاللہ رات کو اچھا یا برا جو کچھ ہوگا وہ معلوم ہو جائے گا۔

181 استخارہ کا چوتھا طریقہ

کسی مشکل یا بڑا کام کرنے کے لئے کوئی تدبیر سمجھ میں نہ آتی ہو تو 'یَا حَکِیْمُ' کو ۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ سات دن تک پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس کام کا راستہ انشاءاللہ جلدی نکل آئے گا۔

باب سوم

روح سے وابستہ اُمور

حیات

182 طویل حیات کے لئے عمل

ہر ماہ، چاند کی پہلی تاریخ کو ایک مجلس میں ۴۱۰۰۰ (اکتالیس ہزار) مرتبہ 'یَا وَارِثُ' پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے حیات طویل ہوگی۔

روحانی ترقی

183 ظاہری اور باطنی (روحانی) دولت اور ترقی حاصل کرنے کا عمل

فجر یا عشاء کی نماز کے بعد اول اور آخر ۱۱ (گیارہ) مرتبہ درود شریف پڑھ کر درمیان میں ۱۱۱۱ مرتبہ 'یَا مُغْنِیُ' کا وظیفہ پڑھے اور اس کے ساتھ سورۂ 'مزمل' بھی پڑھے تو اللہ تعالیٰ ظاہری اور باطنی غناء عطا فرمائے گا۔

184 اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کا عمل

- سالک جمعہ کی رات کو غسل کرکے احرام کی طرح لنگی اور چادر باندھ کر کھڑا ہو کر آسمان کی طرف نگاہ اٹھا کر ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا ضَارُّ' پڑھے۔
- سات جمعہ تک اسی طرح کرتا رہے۔

انشاءاللہ وہ ضرور صاحب مقام ہوگا اور مستحکم ہوگا۔

موت

185 خاتمہ بالخیر ہونے کے لئے پہلا عمل

فجر کی سنت اور فرض نماز کے درمیان جو شخص ۱۲۱ (ایک سو اکیس) مرتبہ 'یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ' پڑھے تو انشاءاللہ خاتمہ بالخیر ہوگا۔

186 خاتمہ بالخیر ہونے کے لئے دوسرا عمل

روزانہ ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا اٰخِرُ' پڑھنے سے انشاءاللہ دل

سے غیر اللہ کی محبت دور ہو جائے گی اور خاتمہ بالخیر ہوگا۔

187 خاتمہ بالخیر ہونے کیلئے تیسرا عمل

صبح اور شام 'یَا اَحَدُ' ۴۱ (اکتالیس) مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ ضرور خاتمہ بالخیر ہوگا۔

188 خاتمہ بالخیر ہونے کیلئے چوتھا عمل

طلوع آفتاب کے وقت ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ 'یَا وَارِثُ' پڑھنے سے انشاءاللہ غم اور رنج سے محفوظ رہے گا اور خاتمہ بالخیر ہوگا۔

189 اچانک موت سے حفاظت کا عمل

'یَا بَصِیْرُ' کو ہمیشہ عصر کی نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھے، وہ شخص انشاءاللہ تعالیٰ اچانک موت سے محفوظ رہے گا۔

قبر

190 عذابِ قبر سے حفاظت کا عمل

جمعہ کی نماز کے بعد ۱۰ (دس) مرتبہ 'یَا مُحْصِیُ' پڑھے تو عذاب قبر اور عذاب آخرت سے انشاءاللہ محفوظ رہے گا۔

191 قبر میں روح کو 'ریاض القدس' میں اعلیٰ مقام حاصل ہونے کا عمل

ہر جمعہ کو ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ 'یَا بَارِئُ' کا ذکر کرنے والے شخص کو قبر میں دفن ہونے کے بعد اللہ تعالیٰ 'ریاض القدس' کی جانب اٹھالیں گے.

آخرت

192 مغفرت کا پہلا عمل

جمعہ کی نماز کے بعد 'یَا غَفَّارُ اِغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ' ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ پڑھنے والے کا نام اللہ تعالیٰ بخشش شدہ لوگوں میں شامل کرے گا.

193 مغفرت کا دوسرا عمل

روزانہ عصر کی نماز کے بعد 'یَا غَفَّارُ اِغْفِرْ لِیْ' پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ بخشش شدہ لوگوں کی جماعت میں داخل کرے گا.

194 مغفرت کا تیسرا عمل

بحالت سجدہ تین مرتبہ 'رَبِّ اغْفِرْ لِیْ' پڑھنے والے کے آگے اور پیچھے کے گناہ انشاء اللہ معاف ہو جائیں گے.

195 مغفرت کا چوتھا عمل

'یَا عَفُوُّ' بکثرت پڑھنے والے کے گناہوں کو اللہ تعالیٰ معاف کر دے گا.

196 اللہ تعالیٰ کی ملاقات کے لئے عمل

ایک چلہ (چالیس دن) میں ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ 'یَا وَاجِدُ'
پڑھنے والے کو انشاءاللہ ایک چلہ میں قلبی ملاقات حاصل ہوگی۔

197 اللہ تعالیٰ کا محبوب بننے کا عمل

روزانہ 'یَا وَدُوْدُ' ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ ذکر کرنے والا انشاءاللہ،
اللہ تعالیٰ کا محبوب بن جائے گا۔

198 تمام نیک اعمال قبول ہونے کا پہلا عمل

جمعہ کی رات کو ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا بَاقِیُ' پڑھنے سے انشاء
اللہ تمام نیک کام مقبول ہوں گے۔

199 تمام نیک اعمال قبول ہونے کا دوسرا عمل

فجر کی نماز کے بعد ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ اور عشاء کی نماز کے بعد ۱۰۰
(ایک سو) مرتبہ 'یَا رَشِیْدُ' پڑھنے والے کے رات، دن کے اعمال اللہ تعالیٰ
اپنے فضل سے قبول فرمائے گا اور انشاءاللہ اسے 'مقربین' کا مرتبہ حاصل ہوگا۔

200 سچی توبہ نصیب ہونے کیلئے پہلا عمل

'یَا مُؤَخِّرُ' بکثرت پڑھنے سے انشاءاللہ سچی توبہ نصیب ہوگی۔

201 سچی توبہ نصیب ہونے کے لئے دوسرا عمل

چاشت کی نماز کے بعد یَا تَوَّابُ ۳۶۰ (تین سو ساٹھ) مرتبہ یا ۱۰۷ (ایک سو سات) مرتبہ پڑھنے سے انشاءاللہ سچی توبہ نصیب ہوگی۔

202 اللہ تعالیٰ کا تابعدار بننے کا عمل

ہمیشہ 'یَا مُقِیْمُ' کا ورد کرنے والا انشاءاللہ، اللہ کا تابعدار بن جائے گا۔

باب چہارم

جادو، جنات، بدنظری، شیطان

جادو

203 جادو کا اثر دور کرنے کا عمل

چینی کے برتن پر 'یَا قَهَّارُ' لکھ کر پلانے سے انشاءاللہ جادو کا اثر دور ہو جائے گا۔

204 جادو، جنات، آسیب سے حفاظت کا عمل

فجر اور مغرب کی نماز کے بعد ۲۱ (اکیس) مرتبہ 'یَا قَابِضُ' ہمیشہ پڑھنے والے پر انشاءاللہ کوئی جادو یا جنات یا آسیب کا اثر نہ ہوگا۔

205 جادو سے حفاظت کا عمل

۷ (سات) مرتبہ 'یَا مُمِیْتُ' پڑھ کر دم کرے۔ انشاءاللہ کبھی بھی کوئی جادو اثر نہیں کرے گا۔

جنات

206 جن، آسیب سے حفاظت کا عمل

'یَا حَفِیْظُ' ۵ (پانچ) مرتبہ لکھ کر تعویذ بنا کر بازو پر باندھے، کوئی جن، آسیب کا اثر انشاء اللہ نہیں ہوگا۔

207 جن، آسیب کو گھر سے دور کرنے کا پہلا عمل

- ایک نئے چراغ پر ۷ (سات) جگہ پر 'یَا قَھَّارُ' لکھ کر تیل بھر کے جلایا جائے۔
- جس گھر میں یہ چراغ ۱۱ (گیارہ) دن جلتا رہے گا، اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس گھر میں کوئی جن یا آسیب یا سانپ وغیرہ موذی جانور نہیں رہیں گے۔ اور وہ مکان تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

208 جن، آسیب کو گھر سے دور کرنے کا دوسرا عمل

فجر کی نماز کے بعد 'یَا نُوْرُ' ۱۱۲۱ (ایک ہزار ایک سو اکیس) مرتبہ روزانہ پڑھنا مکان کو روشن کرتا ہے۔ وہاں انشاء اللہ کوئی جن، آسیب یا سانپ وغیرہ موذی جانور کا قیام نہیں رہے گا۔

بدنظری

209 بد نظری سے حفاظت کا پہلا عمل

سات دن تک روزانہ صبح اور شام ۷۰ (ستر) مرتبہ 'حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ' پڑھے۔ یہ عمل جمعرات سے شروع کرے. انشاءاللہ ایک سال تک ہر بلا سے محفوظ رہو گے.

210 بد نظری سے حفاظت کا دوسرا عمل

۷ (سات) مرتبہ 'یَا بَرُّ' پڑھ کر بچہ پر دم کرنے سے انشاءاللہ وہ بدنظری سے سلامت رہے گا.

211 بد نظری سے حفاظت کا تیسرا عمل

۷ (سات) مرتبہ 'یَا مَانِعُ' کسی تانبے کی پتری پر کندہ کر کے تعویذ کے طور پر بچہ کے گلے میں پہنائے. انشاءاللہ کبھی نظر نہیں لگے گی.

212 بد نظری سے حفاظت کا چوتھا عمل

۱۱ (گیارہ) مرتبہ 'یَا حَفِیْظُ' کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں باندھے انشاءاللہ کبھی نظر نہیں لگے گی.

شیطان

213 شیطان کے فتنہ سے حفاظت کا عمل

'یَا مُؤْمِنُ' ۱۰۰۱ (ایک ہزار ایک) مرتبہ لکھ کر تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھنے والا شیطان کی برائی سے اور دشمن سے محفوظ رہے گا.

باب پنجم

آفت، بلاء، مصیبت، مشکلی، دشمن، ظالم، بُرے آدمی

آفت، بلاء، مصیبت، مشکلی سے حفاظت کے لئے

214 آسمانی آفتوں سے حفاظت کا پہلا عمل

کسی بھی آسمانی آفت کے وقت 'یَا وَکِیْلُ' بکثرت پڑھ کر اسے اپنا وکیل بنا لینے سے انشاء اللہ آفتوں سے حفاظت ہوگی۔

215 آسمانی آفتوں سے حفاظت کا دوسرا عمل

مغرب کی نماز کے بعد ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا عَدْلُ' کا ورد کرنے والا انشاء اللہ ہر قسم کی آسمانی آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

216 بارش، طوفان، گرھن سے حفاظت کا پہلا عمل

اگر کسی جگہ بارش یا طوفان یا ہوا تیز چلے تو 'یَا ظَاهِرُ' پڑھنے سے انشاء اللہ حفاظت ہوگی۔

217 بارش، طوفان، گرھن سے حفاظت کا دوسرا عمل

- 'اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا نُوْرُ' ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ پڑھنے سے بارش کی تمام اندھیریاں اللہ تعالیٰ کے حکم سے دور ہوں گی۔
- سورج گرہن اور چاند گرھن کے وقت مندرجۂ بالا آیت اور 'یَا نُوْرُ' ملا کر لاتعداد مرتبہ پڑھنے سے انشاء اللہ حفاظت ہوگی۔

218 ہر آفت، بلاء، مشکل، مصیبت سے حفاظت کا پہلا عمل

جو شخص آفت، مصیبت وغیرہ میں مبتلا ہو وہ دو رکعت نفل نماز پڑھ کر اپنا مقصد دل میں رکھ کر ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ 'یَا لَطِیْفُ' پڑھے گا تو انشاء اللہ آفت، مصیبت دور ہوگی۔

219 ہر آفت، بلاء، مشکل، مصیبت سے حفاظت کا دوسرا عمل

جو شخص غسل کر کے قبلہ رخ بیٹھ کر ۱۱۱۵ (ایک ہزار ایک سو پندرہ) مرتبہ 'یَا مُھَیْمِنُ' روزانہ پڑھے گا وہ انشاء اللہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

220 ہر آفت، بلاء، مشکل، مصیبت سے حفاظت کا تیسرا عمل

بکثرت 'یَا وَالِیُ' کا ورد کرنے والا انشاء اللہ آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

221 ہر آفت، بلاء، مشکل، مصیبت سے حفاظت کا چوتھا عمل

بکثرت 'یَا رَحْمٰنُ' کا ورد کرنے والا انشاء اللہ آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

222 ہر آفت، بلاء، مشکل، مصیبت سے حفاظت کا پانچواں عمل

'یَا سَلَامُ' کا ہمیشہ ذکر کرنے والا انشاء اللہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

223 ہر آفت، بلاء، مشکل، مصیبت سے حفاظت کا چھٹا عمل

'یَا خَالِقُ' کو ۷ (سات) دن تک ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ مسلسل پڑھنے والا انشاء اللہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

224 ہر آفت، بلاء، مشکل، مصیبت سے حفاظت کا ساتواں عمل

روزانہ ہر نماز کے بعد 'یَا رَحِیْمُ' پڑھنے والا تمام آفتوں سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

225 ہر آفت، بلاء، مشکل، مصیبت سے حفاظت کا آٹھواں عمل

جو شخص جمعہ کی نماز کے بعد روٹی پر سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِکَةِ وَالرُّوْحُ لکھ کر کھائے گا اللہ تعالیٰ اس شخص کو ہر آفت سے انشاء اللہ محفوظ رکھے گا۔

226 ہر آفت، بلاء، مشکلی، مصیبت سے حفاظت کا نواں عمل

جمعہ کی رات کو ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ یَا ضَارُّ پڑھنے والا انشاء اللہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

227 ہر آفت، بلاء، مشکلی، مصیبت سے حفاظت کا دسواں عمل

طلوعِ آفتاب سے قبل یَا صَبُوْرُ ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ پڑھنے والا اس دن تمام مصیبت سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

228 ہر آفت، بلاء، مشکلی، مصیبت سے حفاظت کا گیارھواں عمل

۱۰۲۰ (ایک ہزار بیس) مرتبہ یَا صَبُوْرُ پڑھنے والا انشاء اللہ آفت سے نجات سے ملے گی اور قلبی اطمینان نصیب ہوگا۔

229 ہر آفت، بلاء، مشکلی، مصیبت سے حفاظت کا بارھواں عمل

فجر کی نماز کے بعد ۱۰ (دس) مرتبہ 'یَا مُحْصِیُ' پڑھنے والا پورا دن انشاءاللہ، اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گا۔

230 ہر نقصان سے حفاظت کا عمل

جمعہ کی رات کو 'یَا بَاقِیُ' ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ پڑھنے والا انشاء اللہ نقصان سے محفوظ رہے گا۔

آفت، بلاء، مصیبت، مشکلی دور ہونے کیلئے

231 مصیبت اور مشکلی دور ہونے کے لئے پہلا عمل

مغرب اور عشاء کے درمیان 'یَا وَارِثُ' ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ پڑھنے سے انشاء اللہ ہر قسم کی مصیبت اور پریشانی دور ہو جائے گی۔

232 مصیبت اور مشکلی دور ہونے کے لئے دوسرا عمل

'یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ' کا ورد کرنا تمام آفتوں کا مجرب علاج ہے۔

حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایک مرتبہ ایک بے رحم ڈاکو نے پکڑ کر قتل کرنے کا ارادہ کیا۔ انہوں نے اس پریشانی کے وقت تین مرتبہ 'یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ' زبان سے کہا تو فوراً اللہ تعالیٰ نے آسمان سے ایک فرشتہ بھیجا، جس نے وہاں پہونچ کر اس ڈاکو کو قتل کر دیا، اور ان کو نجات دلائی۔

233 آفت، بلاء، مصیبت، مشکل دور ہونے کے لئے تیسرا عمل

کوئی آفت آئے تو یَا قَادِرُ ۴۱ (اکتالیس) مرتبہ پڑھنے سے انشاء اللہ وہ آفت دور ہو جائے گی۔

234 آفت، بلاء، مصیبت، مشکل دور ہونے کے لئے چوتھا عمل

۴۱ (اکتالیس) مرتبہ یَا رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَرَحِیْمَھَا پڑھنے والے کی مشکلات انشاء اللہ دور ہو جائے گی اور کوئی حاجت باقی نہیں رہے گی۔

235 آفت، بلاء، مصیبت، مشکل دور ہونے کے لئے پانچواں عمل

ہر فرض نماز کے بعد یَا رَافِعُ ۲۱ (اکیس) مرتبہ ہمیشہ پڑھنے والے کی انشاء اللہ کوئی حاجت باقی نہیں رہے گی۔

236 آفت، بلاء، مصیبت، مشکل دور ہونے کے لئے چھٹا عمل

۴۱ (اکتالیس) مرتبہ یَا قَادِرُ پڑھنے والے کی انشاء اللہ مشکل دور ہو جائے گی اور کام آسان ہو جائے گا۔

237 آفت، بلاء، مصیبت، مشکلی دور ہونے کے لئے ساتواں عمل

- مسلسل تین جمعہ تک جمعہ کی رات کو ۴۰۰۰ (چار ہزار) مرتبہ 'یَا اَوَّلُ' پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کے فضل سے تمام مشکلات دور ہو جائیں گی۔
- جو شخص ۴۰ جمعہ تک مسلسل پڑھتا رہے گا وہ بے شمار کامیابیوں کا مالک بنے گا۔

238 آفت، بلاء، مصیبت، مشکلی دور ہونے کے لئے آٹھواں عمل

'یَا رَشِیْدُ' کو ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ ہمیشہ پڑھنے والے کے بغیر محنت اور بغیر تدبیر کے تمام کام خیریت سے مکمل ہونگے۔

239 مصیبت اور غم سے نجات کا عمل

کوئی بھی غم، مصیبت یا مشکلی کے وقت 'یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ' پڑھنے سے انشاء اللہ اُس سے نجات نصیب ہوگی۔

240 دونوں جہاں کی پریشانیاں دور ہونے کا عمل

'حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ' بکثرت پڑھنے سے انشاء اللہ دنیا اور آخرت کی تمام پریشانیاں دور ہو جائے گی۔

☜ **دشمن**

241 دشمن سے حفاظت کا پہلا عمل

کسی مصیبت یا دشمن کا خوف ہو تو 'اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ' بکثرت ذکر کرنے سے یا لکھ کر باندھنے سے اللہ تعالیٰ دشمن سے ان شاء اللہ پناہ نصیب فرمائیں گے۔

242 دشمن سے حفاظت کا دوسرا عمل

'یَا قُدُّوْسُ' کا بکثرت ذکر کرنے والے کو اللہ تعالیٰ دشمن سے محفوظ رکھے گا۔

243 دشمن سے حفاظت کا تیسرا عمل

'یَا رَافِعُ' ۷۰ مرتبہ پڑھنے والا ان شاء اللہ دشمنوں سے محفوظ رہے گا۔

244 دشمن سے حفاظت کا چوتھا عمل

۷۵ (پچھتر) مرتبہ 'یَا مُذِلُّ' پڑھ کر سجدہ میں دشمن کا نام لے کر دعاء کرے تو ان شاء اللہ دعاء قبول ہوگی۔

245 دشمن سے حفاظت کا پانچواں عمل

جو شخص دو رکعت پڑھ کر ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ 'یَا قَادِرُ' پڑھے (اور وہ برحق ہو) تو اللہ تعالیٰ اس کے دشمنوں کو ان شاء اللہ بے عزت کرے گا۔

246 دشمن سے حفاظت کا چھٹا عمل

یَا مُقْتَدِمُ' بکثرت پڑھنے سے انشاءاللہ دشمنوں سے حفاظت رہے گی.

247 دشمن سے حفاظت کا ساتواں عمل

- یَا مَالِکُ یَا قُدُّوْسُ' ملا کر دونوں اسماء ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ روزانہ اندھیرے میں پڑھنے سے انشاءاللہ دشمن سے حفاظت ہوگی.
- یہ وظیفہ پڑھنے والے کی عزت وآبرو میں انشاءاللہ اضافہ ہی ہوتا رہے گا.

248 دشمن سے حفاظت کا آٹھواں عمل

۱۰۲۰ (ایک ہزار بیس) مرتبہ یَا صَبُوْرُ' پڑھنے والا انشاءاللہ آفت سے نجات پائے گا اور قلبی اطمینان نصیب ہوگا.

249 دشمن سے حفاظت کا نواں عمل

فجر کی سنت کے بعد فرض نماز سے قبل ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ ۱۱ (گیارہ) دن تک یَا قَھَّارُ' پڑھنے والا انشاءاللہ دشمن سے محفوظ رہے گا.

250 دشمن سے حفاظت کا دسواں عمل

یَا حَافِظُ' ۵۰۰ (پانچ سو) مرتبہ روزانہ فجر کی نماز کے بعد پڑھنے والا ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی رحمت میں تمام دشمنوں سے محفوظ ہوکر زندگی گذارے گا.

251 دشمن سے حفاظت کا گیارھواں عمل

جس شخص کو دشمن سے مقابلہ کی طاقت نہ ہو وہ گیہوں کا آٹا لے کر ۱۰۰۱ (ایک ہزار ایک) گولی بنائے. اس کے بعد ایک گولی اٹھا کر یَا قَوِیُّ' پڑھ کر

گولی پر دم کرے، اس کے بعد وہ گولی مرغی کے سامنے ڈالے اور دل میں دشمن کے مقابلہ کی نیت کرے۔ اس طرح تمام گولیاں مرغی کو کھلائے۔ انشاء اللہ تین دن کے مسلسل عمل سے دشمن شکست کھا جائے گا۔

252 دشمن سے حفاظت کا بارھواں عمل

روزانہ فجر کی نماز کے بعد ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ 'یَا حَمِیْدُ' پڑھنے والے کے سامنے دشمن بھی آجائے گا تو انشاء اللہ پست نگاہ سے چلا جائے گا۔ کبھی خلاف طبیعت بات نہیں کرے گا۔

253 دشمن پر فتح حاصل کرنے کا عمل

تین روزہ رکھ کر چوتھے دن ایک جگہ بیٹھ کر ۷۰ (ستر) مرتبہ 'یَا حَافِظُ' پڑھنے سے دشمنوں پر انشاء اللہ فتح حاصل ہوگی۔

254 دشمن کو دور کرنے کا عمل

'یَا قَوِیُّ' بکثرت پڑھنے والا انشاء اللہ دشمن سے محفوظ رہے گا۔ (ناحق اور بلاوجہ یہ عمل کبھی نہ کرے۔)

255 دشمن سے اللہ تعالیٰ بدلہ لے اس کا عمل

جو شخص برحق ہو، لیکن دشمن سے بدلہ لینے کی طاقت نہ رکھتا ہو تو ۳ (تین) جمعہ تک بکثرت 'یَا مُنْتَقِمُ' پڑھے، اللہ تعالیٰ بذات خود اس کے دشمن سے انشاء اللہ بدلہ لے لیگا۔

256 دشمن کو نرم کرنے کا عمل

فجر کی نماز کے بعد ۵۰۰ (پانچ سو) مرتبہ 'یَا رَحِیْمُ' پڑھنے والے پر تمام مخلوق مہربان ہوگی. اگر دشمن بھی سامنے آجائے گا تو انشاء اللہ نرم ہوجائے گا.

257 دشمن کو شکست دینے کا پہلا عمل

'یَا مُؤْمِنُ' ۱۰۰۱ (ایک ہزار ایک) مرتبہ لکھ کر تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھنے والے کی شیطان کی بُرائی سے انشاء اللہ حفاظت ہوگی. کوئی دشمن اس پر قابو نہیں پاسکے گا.

258 دشمن کو شکست دینے کا دوسرا عمل

۳۰۰ (تین سو) مرتبہ 'یَا خَالِقُ' پڑھنے والے سے انشاء اللہ اس کا دشمن شکست کھائے گا.

259 دشمن سے نجات حاصل کرنے کا عمل

جس شخص پر کوئی دشمن حاوی ہو وہ تین جمعہ تک ہر جمعہ کے دن ۷۰۰۰ (سات ہزار) مرتبہ 'یَا مُنْتَقِمُ' پڑھے تو انشاء اللہ اس عرصہ میں دشمن کی گرفت سے نجات حاصل کرلے گا.

260 دشمن کو تابع کرنے کا عمل

'یَا بَاقِیُ' سنیچر کے دن زوال کے وقت سے لے کر ظہر کی نماز تک ۷۰۰۰ (سات ہزار) مرتبہ پڑھنے سے انشاء اللہ دشمن تابع ہوجائے گا.

261 دشمن سے نجات حاصل کرنے کا عمل

رات کو اور دن کو بارہ بجے ۵۰۰۰ (پانچ ہزار) مرتبہ 'یَا مُنْتَقِمُ' پڑھنے والا انشاء اللہ دشمن کی گرفت سے جلد رہائی حاصل کرے گا۔

ظالم اور بُرے آدمی

262 ظالموں کے ظلم سے حفاظت کا پہلا عمل

روزانہ صبح اور شام ۲۲۶ (دوسو چھبیس) مرتبہ 'یَا جَبَّارُ' پڑھنے والا انشاء اللہ ظالموں کے ظلم وستم سے محفوظ رہے گا۔

263 ظالموں کے ظلم سے حفاظت کا دوسرا عمل

'یَا صَمَدُ' عشاء کی نماز کے بعد ۱۱۵ (ایک سو پندرہ) مرتبہ روزانہ پڑھنے والا انشاء اللہ کبھی کسی ظالم کی گرفت میں نہیں آئے گا۔

264 ظالموں کے ظلم سے حفاظت کا تیسرا عمل

۷۵ (پچھتر) مرتبہ 'یَا مُذِلُّ' پڑھ کر سجدہ میں جا کر دعاء مانگنے والا حاسدین، دشمن اور ظالمین کی برائی سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

265 ظالم سے رہائی کا عمل

ظالم پر 'یا توّابُ' ۱۰ (دس) مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ اس سے رہائی نصیب ہوگی.

266 لوگ تکلیف دے اور غیبت کرے اُس سے حفاظت کا عمل

جو شخص 'یا جبّارُ' کی پابندی کرے گا وہ لوگوں کی تکلیف اور غیبت سے محفوظ رہے گا اور اللہ تعالیٰ اسے صاحب عزت اور غنی کرے گا.

267 بُرے آدمی کے پاس اپنا حق حاصل کرنے کا عمل

جس شخص کا کسی کے پاس حق باقی ہو اور وہ ادا نہ کرتا ہو تو 'یا مُذِلُّ' کا بکثرت ذکر کرنے سے انشاء اللہ وہ اس کا حق ادا کردے گا.

268 چور، ڈاکو، بُرے آدمی اور بُری چیزوں سے حفاظت کا پہلا عمل

جمعرات سے آغاز کرکے آٹھ دن تک صبح اور شام ۷۰ (ستر) مرتبہ 'حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ' پڑھنے والا ہر چیز کی برائی سے اور ہر بلاء سے پورا سال انشاء اللہ محفوظ رہے گا.

269 چور، ڈاکو سے حفاظت کا دوسرا عمل

'یَا وَکِیْلُ' کا ورد کرنے سے انشاء اللہ ہر تکلیف یا نقصان سے

حفاظت ہوگی۔

مال ودولت وجان کی حفاظت

270 مکان کی حفاظت کا عمل

نئے مٹکے پر 'یَا وَالِیُ' لکھ کر اس میں پانی بھر کر مکان میں چاروں دیوار پر چھڑکنے سے وہ مکان انشاء اللہ ہر آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

271 مکان اور مکین کی حفاظت کا عمل

اپنے رہنے کے مکان کے اوپر کے حصہ میں ۳ (تین) جگہ پر 'یَا اَللّٰہُ' لکھے تو جب تک یہ مبارک نام وہاں لکھا ہوا قائم رہے گا وہاں تک کبھی بھی اس مکان کے نیچے دب کر کسی کی موت نہیں ہوگی، کبھی سوتے یا بیداری میں وہ مکان کسی پر نہیں گرے گا۔ جب وہ بذات خود مکان توڑے گا یا جب وہ مکان خالی ہوگا تب گرے گا۔ اس مکان کے گرنے سے کسی انسان کی اچانک موت انشاء اللہ نہیں ہوگی۔

272 زلزلہ سے مکان کی حفاظت کا عمل

مکان کے بلندترین حصہ پر یا دیوار پر 'یَا ظَاهِرُ' لکھنے سے وہ مکان یا دیوار زلزلہ سے انشاء اللہ سلامت رہے گی۔

273 مکان پر بجلی گرنے سے حفاظت کا عمل

۷ (سات) مرتبہ 'یَا وَکِیْلُ' لکھ کر مکان کے بلندترین حصہ میں لگا

دے. انشاء اللہ کبھی اس مکان پر بجلی نہیں گرے گی.

274 مکان کبھی ویران نہ ہو اُس کا عمل

۳۱۳ مرتبہ 'یَا وَالِیُ' پڑھ کر پانی پر دم کر کے مکان کے چاروں کونوں پر چھڑکاؤ کرنے سے انشاء اللہ وہ مکان یا جاگیر کبھی ویران یا خالی نہ رہے گی.

275 چیز کی حفاظت اور برکت کے لئے عمل

'یَا عَلِیْمُ' کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر اس پانی کو جس چیز پر چھڑکا یا یا لگایا جائے اُس چیز میں انشاء اللہ برکت ہوگی اور وہ چیز محفوظ رہے گی.

276 مال اور دولت کی حفاظت کا عمل

اپنے مال و دولت پر روزانہ ۷ (سات) مرتبہ 'یَا رَقِیْبُ' پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا.

277 جاگیر اور ملک قائم رہنے کے لئے عمل

'یَا مَالِکُ یَا قُدُّوْسُ' دونوں نام ملا کر روزانہ ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ اندھیرے میں پڑھنے سے انشاء اللہ جاگیر اور ملک قائم رہے گی.

278 گرے ہوئے مکان میں دبے ہوئے آدمی کی جان کی حفاظت کے لئے عمل

غسل کر کے قبلہ رخ بیٹھ کر ۱۱۱۵ (ایک ہزار ایک سو پندرہ) مرتبہ 'یَا مُهَیْمِنُ' تین دن تک پڑھنے والے شخص پر کسی مکان کی چھت ٹوٹ پڑے اور

وہ اس میں دب جائے پھر بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے وہ شخص اس ناگہانی مصیبت سے انشاء اللہ سلامت باہر نکلے گا۔

کھیتی اور مویشی کی حفاظت کیلئے

279 باغ اور کھیت کی فصل کی حفاظت کا عمل

روزانہ فجر کی نماز کے بعد ۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ 'یَا مُنْعِمُ' پڑھنے سے انشاء اللہ باغ اور کھیت ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔

280 ٹڈی سے کھیت کی حفاظت کا عمل

چار ٹھیکری پر ۷ (سات) مرتبہ 'یَا مَانِعُ' ہر ایک پر لکھ کر کھیت میں چاروں کونوں میں دفن کردے، تو انشاء اللہ اس کھیت پر ٹڈی نہیں آئے گی۔

281 کھیت کی حفاظت کا عمل

چار عدد ٹھیکری لے کر ہر ٹھیکری پر تین مرتبہ 'اَللّٰهُ بَاقِیْ' لکھ کر کھیت یا باغ کے چاروں کونوں پر ایک۔ ایک ٹھیکری دفن کردے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے وہ کھیت ضائع ہونے سے سلامت رہے گا۔

282 مویشی کی حفاظت کا عمل

'یَا حَلِیْمُ' کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر اس پانی کو مویشی پر چھانٹنے سے یا ملنے سے انشاء اللہ وہ آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

283 گھوڑے کا طوفان و مستی دور کرنیکا عمل

جس شخص کا گھوڑا مستی خور اور طوفانی ہو تو چنے کے آٹے پر ۳۰۰ (تین سو) مرتبہ 'یَـا وَدُوْدُ' پڑھ کر آٹے پر دم کر کے گھوڑے کو کھلائے تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے انشاء اللہ تین دن میں وہ تمام سرکشی اور طوفان بھول جائے گا۔

اپنی ذات اور اہل کی حفاظت کیلئے

284 اولاد اور مال ودولت کی حفاظت کا عمل

اولاد اور مال و دولت پر روزانہ ۷ (سات) مرتبہ 'یَـا رَقِیْبُ' پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ وہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

285 اپنے ظاہر اور باطن کی حفاظت کا عمل

'یَـا مُؤْمِنُ' پڑھنے سے یا لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے ظاہر اور باطن اللہ تعالیٰ کے امان (حفاظت) میں رہیں گے۔

286 ڈر اور خوف سے حفاظت کا عمل

۶۳۰ (چھ سو تیں) مرتبہ 'یَا مُؤْمِنُ' پڑھنے والا ہر قسم کے خوف اور ڈر سے محفوظ رہے گا اور اس کے جان اور مال کو کوئی نقصان نہیں پہونچے گا۔

287 ڈر، خطرہ اور نقصان سے حفاظت کا عمل

'یَـا حَفِیْظُ' بکثرت پڑھنے والا یا لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا ہر قسم کے ڈر، خطرہ اور نقصان سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

باب ششم

گھر اور معاشرہ

میاں، بیوی

288 میاں، بیوی میں محبت کا پہلا عمل

کھانے کی چیز پر 'یَا کَبِیْرُ' پڑھ کر دم کر کے میاں کو کھلائے تو انشاء اللہ آپس میں محبت پیدا ہوگی۔

289 میاں، بیوی میں محبت کا دوسرا عمل

'یَا وَدُوْدُ' ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ پڑھ کر کھانے کی چیز پر دم کر کے وہ کھانا بیوی کے ساتھ بیٹھ کر کھانے سے دونوں میں محبت پیدا ہوگی اور نااتفاقی انشاء اللہ دور ہو جائے گا۔

290 میاں، بیوی میں محبت کا تیسرا عمل

بستر پر لیٹتے وقت ۲۰ (بیس) مرتبہ 'یَا مَانِعُ' پڑھنے سے انشاء اللہ میاں بیوی کی نااتفاقی دور ہو جائے گی اور آپس میں محبت پیدا ہوگی۔

291 میاں، بیوی کی نااتفاقی دور کرنیکا عمل

- بیوی روزانہ ۱۰۰۱ (ایک ہزار ایک) مرتبہ 'یَا مُؤْمِنُ' پڑھے تو شوہر کی برائی، بدخلقی اور بدسلوکی سے انشاء اللہ محفوظ رہے گی۔

- اگر شوہر پڑھے تو بیوی کی برائی اور پڑوسی کی برائی سے محفوظ رہے گا۔

292 میاں، بیوی کو آپس کی بُرائی سے بچنے کا عمل

کسی کھانے کی چیز پر ۱۰۰ مرتبہ 'یَا حَکِیْمُ' پڑھ کر دم کر کے دونوں کھائے تو انشاءاللہ فوراً دونوں میں اتفاق ہوگا اور آپس کی محبت میں اضافہ ہوگا۔

293 میاں، بیوی کی ناچاقی دور ہونیکا عمل

- ۱۱۱ (ایک سو گیارہ) مرتبہ 'یَا وَاجِدُ' پڑھ کر پانی پر دم کر کے جس شخص کو وہ پانی پلایا جائے وہ شخص انشاءاللہ زیادہ محبت کرے گا۔
- میاں، بیوی کی محبت کے لئے بھی یہ عمل بہت ہی مفید ہے

294 بد اخلاق شوہر کی اصلاح کا عمل

بیوی تین دن تک ۳۰۰ (تین سو) مرتبہ 'یَا بَاسِطُ' پڑھ کر پانی پر دم کر کے شوہر کو پلائے یا کھانے کی چیز پر دم کر کے کھلائے تو بدمزاج شوہر بیوی کے ساتھ انشاءاللہ بدسلوکی نہیں کرے گا۔

295 بد اخلاق شوہر کی اصلاح کا عمل

بیوی 'یَا وَلِیُّ' پڑھتے پڑھتے بدسلوک شوہر کے پاس جائے گی تو انشاءاللہ وہ مہربانی سے اچھا سلوک کرے گا۔

296 بخیل شوہر کی اصلاح کا عمل

- بیوی 'یا کَرِیْمُ' ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بخیل شوہر کو پلائے۔
- تین دن کے اندر انشاء اللہ اُس میں سخاوت کی صفت پیدا ہوگی اور بخیلی میں انشاء اللہ کمی ہو جائے گی۔

297 غصہ ور شوہر کی اصلاح کا عمل

بیوی صبح اور شام 'یَا مَانِعُ' ۲۱ مرتبہ پڑھ کر غصہ ور شوہر کی طرف سامنے سے یا پیچھے سے دم کرے۔ انشاء اللہ چند دنوں میں سب شکایتیں دور ہو جائے گی۔

298 شوہر کی بدکلامی کی اصلاح کا عمل

بیوی نصف رات کو یا دوپہر کو 'یَا صَبُوْرُ' ۱۰۱ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعاء کرے، انشاء اللہ چند دنوں میں اُس کی اصلاح ہو جائے گی۔

299 اپنی بیویوں کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک کرنے والے شوہر کی اصلاح کا عمل

جو شخص اپنی بیویوں میں انصاف نہ کرسکتا ہو تو ۷۰۰۰ (سات ہزار مرتبہ 'یَا مُقْسِطُ' پڑھ کر کھانے کی چیز پر دم کر کے اس ناانصاف شوہر کو کھلایا جائے تو انشاء اللہ وہ فوراً ہی منصفانہ مزاج والا ہو جائے گا۔

300 شوہر کی محبت حاصل کرنے کا عمل

اگر عورت اپنے شوہر کے لئے ۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ 'یَا وَدُوْدُ' پڑھ کر کسی بھی عطر پر دم کرے اور وہی عطر لگا کر شوہر کے سامنے جائے تو انشاء

اللہ شوہر اپنی بیوی سے محبت کرے گا.

301 شوہر کی دائمی محبت حاصل کرنے کا عمل

دلہن رخصت ہو کر جب اپنے خاوند کے سامنے جائے تب ۷ (سات) مرتبہ 'یَـا رَؤُوْفُ' پڑھ لے، انشاءاللہ شوہر پوری زندگی بیوی پر مہربان رہے گا. اور کبھی ناچاقی نہیں ہوگی.

302 شوہر کی نگاہ میں اعلیٰ مقام حاصل کرنے کے لئے پہلا عمل

بیوی ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ' پڑھے گی تو انشاءاللہ چند دن میں شوہر کی نگاہ میں اعلیٰ مقام حاصل کر لے گی.

303 شوہر کی نگاہ میں اعلیٰ مقام حاصل کرنے کے لئے دوسرا عمل

جو عورت اپنے شوہر کی نگاہ سے پست ہو گئی ہو وہ:

- ۷ (سات) دن تک روزانہ غسل کرے اور دو رکعت نفل نماز ادا کرے،
- دونوں رکعت میں سورۂ 'فاتحہ' اور سورۂ 'اخلاص' ایک مرتبہ پڑھکر نماز ختم کرے.
- تین دن روزانہ کھڑے ہو کر 'یَا عَزِیْزُ' ۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ پڑھے.
- چوتھے دن بیٹھ کر ۵۰۰۰ (پانچ ہزار) مرتبہ 'یَا عَزِیْزُ' پڑھے.
- پانچویں، چھٹیں اور ساتویں دن بیٹھ کر سجدہ میں جا کر کل ۳۰۰ (تین سو)

مرتبہ 'یَا عَزِیْزُ' پڑھے اور دعا کرے۔
وہ بیوی شوہر کی نظر میں انشاء اللہ قابل عزت اور محبت بن جائے گی۔

304 بیوی کو فرماں بردار بنانے کا عمل

سویرے نافرمان بیوی کے پیشانی کے بال پکڑ کر شوہر ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا شَہِیْدُ' پڑھے تو انشاء اللہ وہ فرماں بردار ہو جائے گی۔

305 بدسلوک میاں ، بیوی کی اصلاح کا عمل

- شوہر جب اپنی بدسلوک بیوی کے سامنے جائے تب 'یَا وَلِیُّ' پڑھے، انشاء اللہ اس کی عادتیں سدھر جائے گی۔
- یہ عمل بیوی بھی اپنے بدسلوک شوہر کی اصلاح کے لئے کر سکتی ہے۔

اولاد

306 اولاد کی حفاظت کا پہلا عمل

بچہ کی پیدائش کے بعد فوراً ۷ (سات) مرتبہ 'یَا بَرُّ' پڑھ کر اس پر دم کرنے سے بالغ ہونے تک وہ بچہ تمام آفتوں سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

307 اولاد کی حفاظت کا دوسرا عمل

اپنے بال بچوں پر روزانہ ۷ (سات) مرتبہ 'یَا رَقِیْبُ' پڑھ کر دم کرنے سے وہ تمام آفتوں سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

308 نافرمان اولاد کی اصلاح کا پہلا عمل

روزانہ صبح نافرمان اولاد کے سر پر ہاتھ رکھ کر آسمان کی طرف سر رکھ کر **یَا شَہِیْدُ** ۲۱ (اکیس) مرتبہ پڑھ کر دم کرے. انشاء اللہ سات دن میں اُس کی اصلاح ہو جائے گی.

309 نافرمان اولاد کی اصلاح کا دوسرا عمل

سویرے نافرمان اولاد کی پیشانی کے بال پکڑ کر **یَا شَہِیْدُ** ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ پڑھے. انشاء اللہ وہ فرماں بردار بن جائے گا.

310 طالب علم کا امتحان کا نتیجہ اچھا آنے کا عمل

اگر کسی طالب علم کو امتحان کا نتیجہ خراب آنے کا اندیشہ ہو تو وہ تین دن تک باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر ۱۱۰۰۰ (گیارہ ہزار) مرتبہ **یَا حَسِیْبُ** ایک ہی مجلس میں پڑھے تو انشاء اللہ نتیجہ اچھا آئے گا.

311 اولاد کی شادی کے لئے عمل

جس شخص کی لڑکی کنواری ہو اور اس کی شادی کے خرچ کے لئے کوئی رقم نہ ہو یا کسی جگہ سے پیغام آتا نہ ہو تو وہ شخص:

- ۱۱ (گیارہ) دن تک روزانہ عشاء کی نماز کے بعد ۱۱۰۰۰ (گیارہ ہزار) مرتبہ **یَا مُغْنِیُ** پڑھے.
- جمعرات سے شروع کر کے اتوار کے دن ختم کرے.

انشاء اللہ غیب سے انتظام ہو جائے گا.

312 کسی کی موت کا رنج و غم دور کرنے کا عمل

- کسی کی موت یا کسی حادثہ سے رنجیدہ و غمگین آدمی کو روزانہ ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا صَبُوْرُ' پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائے۔
- یہ عمل اُس کے دل کو صبر دے گا۔ اور اللہ تعالیٰ اُس کے غم کو انشاء اللہ بھلا دے گا۔

پڑوسی، دوست اور رشتہ دار

313 پڑوسی کی بُرائی سے حفاظت کا عمل

جمعرات سے شروع کر کے ۷ (سات) دن تک روزانہ صبح اور شام ۷۰ (ستر) مرتبہ 'حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ' پڑھنے سے انشاء اللہ پڑوسی کی بُرائی سے اور ہر بلاء سے محفوظ رہے گا۔

314 کسی کو دوست بنانے کا عمل

کسی میٹھی چیز پر ۳۲۰ (تین سو بیس) مرتبہ 'یَا قُدُّوْسُ' پڑھ کر کھلانے سے کھانے والا انشاء اللہ دوست بن جائے گا۔

315 کسی کے دل میں محبت پیدا کرنے کے لئے عمل

'یَا رَحِیْمُ' کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر پلائے تو پینے والے کے دل میں انشاء اللہ لکھنے والے کی محبت پیدا ہوگی۔ (بشرطیکہ جائز محبت ہو۔)

316 جائز محبت کے لئے عمل

جائز محبت کے لئے یہ دعاء مجرب ہے:

'اَللّٰھُمَّ یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْہِ'

317 رشتہ دار سے ملاقات کا عمل

جس شخص کے رشتہ دار منتشر ہو گئے ہوں وہ چاشت کے وقت غسل کر کے آسمان کی طرف منہ کر کے ۱۰ (دس) مرتبہ 'یَا جَامِعُ' پڑھے اور ایک انگلی بند کر لے، اسی طرح ہر ۱۰ (دس) مرتبہ پر ایک انگلی بند کرتا جائے، آخر میں دونوں ہاتھ منہ پر پھیر لے. انشاءاللہ سب جلد جمع ہو جائیں گے.

318 لوگوں کو تابعدار بنانے کا عمل

جو شخص 'یَا مُؤْمِنُ' کو ۱۰۰۱ (ایک ہزار ایک) مرتبہ پوری عمر پڑھتا رہے تو انشاءاللہ سب لوگ اس کے تابعدار بن جائیں گے.

بُری عادتیں، بُرے اخلاق، بدمزاجی وغیرہ کی اصلاح

319 شرابی شوہر کی اصلاح کا عمل

شراب کا عادی، زانی روزانہ 'یَا بَرُّ' ۷ (سات) مرتبہ پڑھے تو اس کے دل سے ان گناہوں کی رغبت انشاءاللہ جاتی رہے گی.

320 تمام بُری عادتوں کی اصلاح کا عمل

مسلسل ۴۵ دن تک روزانہ ۹۳ مرتبہ تنہائی میں 'یَا حَمِیْدُ' پڑھنے سے انشاءاللہ تمام بری عادتیں دور ہو جائے گی اور اچھے اخلاق پیدا ہونگے۔

321 بد مزاج کی اصلاح کا پہلا عمل

اگر کوئی شخص بدمزاج ہو اور وہ بذات خود اپنا مزاج ٹھیک کرنا چاہتا ہو تو وہ روزانہ صبح اور شام ۳۰۰ (تین سو) مرتبہ 'یَا رَؤُوْفُ' پڑھے۔ انشاءاللہ ۲۱ (اکیس) دن میں اصلاح ہو جائے گی۔

322 غصہ ور اور بد مزاج کی اصلاح کا دوسرا عمل

- کسی کھانے کی چیز پر ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ 'یَا عَفُوُّ' پڑھ کر دم کرے، وہ کھانا بدمزاج شوہر کو کھلائے تو انشاءاللہ مزاج بالکل نرم ہو جائے گا۔
- اس عمل سے غصہ ور شخص خود اپنے مزاج کی اصلاح بھی کر سکتا ہے۔

323 بدمزاج کی اصلاح کا تیسرا عمل

'یَا رَحْمٰنُ' مشک اور زعفران سے لکھ کر بداخلاق آدمی کے گھر میں دفن کر دیا جائے تو اس آدمی کے مزاج اور اخلاق کی انشاءاللہ اصلاح ہو جائے گی۔

324 زبان پر قابو حاصل کرنے کے لئے عمل

جس شخص کی زبان پر گالی اور برے الفاظ زیادہ آتے ہوں اور کسی بھی

طرح اپنی زبان پر قابو نہ رکھ سکتا ہو وہ شخص ۹۰ (نوے) مرتبہ نئے پیالہ پر 'یَا حَمِیْدُ' لکھے اور ۹۰ (نوے) مرتبہ 'یَا حَمِیْدُ' پڑھ کر پیالہ پر دم کرے اور ہمیشہ اس پیالہ سے پانی پیتا رہے تو انشاءاللہ وہ ضرور اپنی زبان پر قابو پالے گا۔

عزت، آبرو، مرتبہ حاصل کرنے کے لئے

325 عزت حاصل کرنے اور مُحتاجی سے بچنے کا پہلا عمل

۴۰ (چالیس) دن تک روزانہ ۴۰ (چالیس) مرتبہ 'یَا عَزِیْزُ' پڑھنے سے اللہ اس کو دنیا میں باعزت کرے گا اور انشاءاللہ کسی کا محتاج نہیں رہے گا۔

326 عزت حاصل کرنے اور مُحتاجی سے بچنے کا دوسرا عمل

جو شخص روزانہ فجر کی نماز کے بعد ۴۱ (اکتالیس) مرتبہ 'یَا عَزِیْزُ' پڑھے انشاءاللہ کسی کا محتاج نہیں بنے گا اور ہمیشہ عزت پائے گا۔

327 باعزت بننے کے لئے عمل

روزانہ 'یَا کَرِیْمُ' پڑھ کر سونے سے اللہ تعالیٰ لوگوں کی نظروں میں باعزت بنائے گا۔

328 عزت اور عظمت حاصل کرنے کا عمل

'یَا عَظِیْمُ' بکثرت پڑھنے سے انشاءاللہ امن، عزت اور عظمت

نصیب ہوگی.

329 عزت اور بُلند مرتبہ حاصل کرنے کا عمل

'یا مُتَکَبِّرُ' بکثرت پڑھنے والا انشاءاللہ عزت اور بلند مرتبہ پائے گا.

330 باعزت بننے کا پہلا عمل

جوشخص ہمیشہ جمعہ یا پیر کے دن مغرب کی نماز کے بعد ۴۰ مرتبہ 'یَا مُعِزُّ' پڑھے وہ انشاءاللہ لوگوں کی نظروں میں روبدار اور باعزت بنے گا.

331 باعزت بننے کا دوسرا عمل

'یَا حَلِیْمُ' بکثرت پڑھنے والے امیر کا دبدبہ اور عزت انشاءاللہ باقی رہیں گے.

332 دوبارہ عزت حاصل کرنے کا عمل

جوشخص روزانہ ۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ 'یَا عَلِیُّ' کا ورد کرے اُس کو انشاءاللہ عزت اور آبرو دوبارہ حاصل ہوگی.

333 دونوں جہاں میں عزت کے لئے عمل

روزانہ ۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ 'یَا شَکُوْرُ' کا ذکر کرنے والے کو دنیا میں انشاءاللہ بے حد عزت اور آخرت میں بڑا مرتبہ حاصل ہوگا.

334 عزت اور عظمت حاصل کرنے کا عمل

'یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام' بکثرت پڑھنے سے بزرگی اور عظمت انشاءاللہ نصیب ہوگی۔

335 باعزت رہنے کا عمل

جوشخص 'یَا مَلِکُ' ہمیشہ ۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ پڑھے، وہ دنیا والوں کی نظر میں انشاءاللہ عزت والا اور صاحب مرتبہ رہے گا۔

336 عزت اور مرتبہ حاصل کرنے کا پہلا عمل

جوشخص رات کو بستر پر لیٹے اور 'یَا کَرِیْمُ' پڑھتے پڑھتے سو جائے تو اس کی عزت اور مرتبہ کے لئے فرشتے دعاء کریں گے اور صبح کو لوگوں کی نگاہ میں انشاءاللہ وہ بہت ہی بڑا اور بزرگ معلوم ہوگا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ 'یَاکَرِیْمُ' کو بکثرت پڑھا کرتے تھے۔

337 عزت اور مرتبہ حاصل کرنے کا دوسرا عمل

عزت حاصل کرنے کے لئے فجر کی نماز کے بعد ۹۹ (ننانوے) مرتبہ 'یَا مَجِیْدُ' پڑھنا اور پھر اپنے بدن پر دم کرنا انشاءاللہ بہت ہی نفع بخش ہے۔

338 کسی کی مُلاقات کے لئے جائے تو وہ عزت کرے اُس کے لئے عمل

جوشخص 'یَا اَحَدُ' ۹ (نو) مرتبہ پڑھ کر کسی کام کے لئے یا کسی کی ملاقات کے لئے جائے تو وہ اس کو بڑی عزت بھری نظر سے دیکھے گا۔

339 اجنبی لوگوں میں عزت حاصل کرنے کا عمل

جو شخص کسی جگہ اجنبی لوگوں میں جائے اور یَـا آخِرُ ۴۱ (اکتالیس) مرتبہ پڑھے تو انشاءاللہ اس کی عزت ہوگی اور بڑا مرتبہ حاصل کرے گا۔

340 لوگوں کی نظر میں عزت کیلئے پہلا عمل

جو شخص 'یَـــا رَؤُوْفُ' نصف رات کو یا برابر دوپہر کے وقت ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ پڑھے، انشاءاللہ لوگوں کی نظر میں باعزت بن جائے گا۔

341 لوگوں کی نظر میں عزت کے لئے دوسرا عمل

جو شخص پیر اور جمعرات کی رات کو مغرب کی نماز کے بعد ۱۴۰ (ایک سو چالیس) مرتبہ 'یَـا مُعِزُّ' پڑھے وہ لوگوں کی نگاہ میں ہیبت اور عزت حاصل کرے گا اور انشاءاللہ، اللہ تعالیٰ کے سواء کسی سے نہیں ڈرے گا۔

342 لوگوں کی نظر میں عزت کے لئے تیسرا عمل

جو شخص روزانہ ظہر کی نماز کے بعد ۹ (نو) مرتبہ 'یَـا حَلِیْمُ' پڑھے وہ ہمیشہ لوگوں میں باعزت بن کر رہے گا. انشاءاللہ کبھی کسی شخص کے سامنے بے عزتی اور شرمندگی نہیں اُٹھانی پڑے گی۔

343 لوگوں کی نظر میں عزت کے لئے چوتھا عمل

جو شخص روزانہ 'یَا مَالِکَ الْمُلْکِ' کو ۷۰۰۰ (سات ہزار) مرتبہ پڑھے اور پوری زندگی پڑھنے کا ارادہ کرلے وہ شخص انشاء اللہ غنی، باوقار اور باعزت ہو کر زندگی بسر کرے گا، کوئی اس کی عزت پر حملہ نہیں کرے گا۔

344 لوگوں کا محبوب بننے کے لئے عمل

جو شخص روزانہ 'یَا بَاطِنُ' ۱۰۲۱ (ایک ہزار اکیس) مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد اندھیرے میں بیٹھ کر پڑھے وہ انشاء اللہ لوگوں کا محبوب بن جائے گا۔

345 عزت، عظمت میں اضافہ کے لئے پہلا عمل

روزانہ 'یَا مَلِکُ' پڑھنے والے کی عزت، عظمت میں انشاء اللہ اللہ تعالیٰ اضافہ کرے گا۔

346 عزت، عظمت میں اضافہ کے لئے دوسرا عمل

جو شخص مشک اور زعفران سے 'یَا جَلِیْلُ' لکھ کر اپنے پاس رکھے یا بکثرت اس کا ورد رکھے تو انشاء اللہ مخلوق کے دلوں میں اس کا رعب پیدا ہوگا اور اس کی عزت اور عظمت میں انشاء اللہ اضافہ ہوگا۔

347 لوگوں کی نگاہ میں عظمت پیدا کرنے کا عمل

ہمیشہ عشاء کی نماز کے بعد ۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ 'یَا مَاجِدُ' پڑھنا یہ لوگوں کی نظر میں عزت اور قدر پیدا کرتا ہے۔

348 لوگوں میں رُعب و ڈر جمانے کا پہلا عمل

روزانہ ۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ 'یَا کَبِیْرُ' پڑھنے والے کا انشاء اللہ لوگوں کے دلوں میں رعب اور ڈر پیدا ہوگا۔

349 لوگوں میں رُعب اور ڈر جمانے کا دوسرا عمل

جو شخص چاندی کی انگوٹھی پر 'یَا جَبَّارُ' کندہ کر کے پہنے، اس کی ہیبت، رُعب، دبدبہ اور ڈر لوگوں کی نگاہ میں انشاء اللہ پیدا ہوگا۔

350 مخلوق کو تابعدار بنانے کا پہلا عمل

جو شخص جمعہ کے دن یا جمعہ کی رات کو روٹی کے ۲۰ (بیس) ٹکڑوں پر 'یَا عَدْلُ' لکھ کر کھائے گا تو انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ مخلوق کو اس کی تابعدار بنا دے گا۔

351 مخلوق کو تابعدار بنانے کا دوسرا عمل

جو شخص روٹی کے ۲۰ (بیس) ٹکڑوں پر 'یَا مُحْصِیُ' پڑھ کر دم کر کے کھائے تو انشاء اللہ مخلوق اس کی تابعدار بن جائے گی۔

352 زندگی میں ہر قسم کی ترقی کیلئے عمل

جو شخص روزانہ ۱۰۱۱ (ایک ہزار گیارہ) مرتبہ 'یَا عَظِیْمُ' پڑھے وہ انشاءاللہ دوست اور دشمن سب کی نظر میں محبوب اور باعزت بنے گا۔

353 مخلوق کے ساتھ آپس میں مہربان ہونے کا عمل

'یَا رَؤُوْفُ' پڑھنے والے شخص پر انشاءاللہ مخلوق مہربان ہوگی اور مخلوق پر وہ شخص مہربان ہوگا۔

تونگر اور بے نیاز ہونے کے لئے

354 ظاهری اور باطنی بے نیازی کا عمل

جو شخص بکثرت 'یَا وَاسِعُ' کا ورد رکھے گا، انشاءاللہ اسے ظاہری اور باطنی بے نیازی نصیب ہوگی۔

355 مخلوق سے بے نیازی کا عمل

جو شخص سویرے سجدہ میں سر رکھ کر 'یَا صَمَدُ' ۱۱۵ (ایک سو پندرہ) یا ۱۲۵ (ایک سو پچیس) مرتبہ پڑھے، اُسے انشاء اللہ ظاہری اور باطنی سچائی نصیب ہوگی اور انشاءاللہ مخلوق سے بے نیازی نصیب ہوگی۔

356 بے نیاز بننے کے لئے عمل

جو شخص روزانہ چاشت کی نماز کے بعد آسمان کی جانب ہاتھ اُٹھا کر ۱۰ (دس) مرتبہ ’یَا بَاسِطُ‘ پڑھ کر ہاتھ منہ پر پھیرے گا وہ انشاءاللہ بے نیاز بنے گا اور کسی کا بھی محتاج نہ ہوگا۔

357 بے نیازی حاصل ہونے کا عمل

ہر مہینہ کی چودھویں رات کی آدھی رات کو ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ ’یَا رَافِعُ‘ پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ انشاءاللہ مخلوق سے بے نیاز اور تونگر بنا دے گا۔

358 تونگر اور بے نیاز بننے کا عمل

جو شخص ’یَا مَالِکَ الْمُلْکِ‘ کو ہمیشہ پڑھتا رہے گا اللہ تعالیٰ اس کو لوگوں سے بے نیاز فرمادے گا۔

359 تونگر ہونے کا عمل

جمعرات کے دن یا جمعہ کی رات کو ۱۹۰۰۰ (انیس ہزار) مرتبہ ’یَا غَنِیُّ‘ پڑھنا اور ہمیشہ یہ عمل کرتے رہنا، انسان کو غیب سے تونگر اور صاحب دولت بنا دیتا ہے لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل کی ہر کاموں میں ضرورت ہے۔

360 ظاهری اور باطنی دولت کا عمل

- جو شخص اول اور آخر ۱۱ (گیارہ) مرتبہ درود شریف پڑھ کر ۱۱۱۱ (ایک ہزار ایک سو گیارہ) مرتبہ ’یَا مُغْنِیُ‘ پڑھے گا اُس کو انشاءاللہ، اللہ تعالیٰ ظاہری اور باطنی غنا (دولت) عطا فرمائیں گے۔

• فجر یا عشاء کی نماز کے بعد پڑھے، اور اس کے ساتھ سورہ 'مزمل' بھی پڑھے۔

مقصد، کام اور دعا کی قبولیت کے لئے

361 کام میں آسانی کا پہلا عمل

جس شخص کا کوئی کام پورا نہ ہوتا ہو وہ 'یَا حَکِیْمُ' کو پابندی سے پڑھا کرے، انشاء اللہ اس کا کام پورا ہو جائے گا۔

362 کام میں آسانی کا دوسرا عمل

جو شخص سو کر اُٹھنے کے بعد بکثرت 'یَا مُقْتَدِرُ' کا ورد کیا کرے تو انشاء اللہ اس کے تمام کام آسان ہو جائیں گے۔

363 تمام حاجتیں پوری ہونے کا عمل

دو رکعت نماز پڑھ کر 'ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ' پڑھتے رہنے سے انشاء اللہ تمام حاجتیں پوری ہوں گی۔

364 ہر مشکل کام میں آسانی کا پہلا عمل

جو شخص جمعہ کی نماز سے قبل پاکی، صفائی اور قلبی اطمینان کے ساتھ ۱۰۰ مرتبہ 'یَا اَللّٰہُ' پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام کام انشاء اللہ آسان فرما دے گا۔

365 ہر مشکل کام میں آسانی کا دوسرا عمل

'یَـا تَـوَّابُ' بکثرت پڑھنے والے کے تمام کام انشاء اللہ آسان

ہو جائیں گے۔

366 ہر مشکل کام میں آسانی کا تیسرا عمل

ظہر کی نماز کے بعد ۹۰ (نوے) مرتبہ 'یَا حَکِیْمُ' پڑھنے سے انشاء اللہ ہر مشکل کام آسان ہو جائے گا۔

367 ہر مشکل کام میں آسانی کا چوتھا عمل

- ہر مشکل کام میں ۲۱۰۰۰ (اکیس ہزار) مرتبہ 'یَا قَیُّوْمُ' تین دن تک پڑھنا بہت ہی مجرب عمل ہے۔
- ایک آدمی یہ ختم پڑھے یا تین آدمی پڑھے۔
- تین آدمی سے زیادہ نہ پڑھے۔
- تین دن میں ۶۳۰۰۰ (تریسٹھ ہزار) مرتبہ پڑھا جائے۔
- اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس مدت میں تمام مشکلات انشاء اللہ دور ہو جائے گی۔

368 ہر مشکل کام میں آسانی کا پانچواں عمل

جو شخص روزانہ ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ 'یَا مُؤَخِّرُ' پڑھے، اُس کے تمام کام کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ بذات خود لے لیگا۔ اُس کے مشکل سے مشکل کام غیب سے انشاء اللہ آسان ہو جائیں گے۔

369 ہر مشکل کام میں آسانی کا چھٹا عمل

کسی مشکل کے وقت ۹۰۰۰ (نو ہزار) مرتبہ 'یَا مُتَعَالِی' ایک ہی مجلس میں پڑھنا بہت ہی مجرب ثابت ہوا ہے۔

370 مقصد میں کامیابی کا پہلا عمل

کسی خاص اور جائز مقصد کیلئے ۷۰۰ (سات سو) مرتبہ 'یَا مُقْسِطُ' پڑھے گا تو انشاءاللہ وہ مقصد حاصل ہوگا۔

371 مقصد میں کامیابی کا دوسرا عمل

جو شخص خالی کوزہ میں ۷ (سات) مرتبہ 'یَا مُقِیْتُ' پڑھ کر دم کرے گا اور اُس میں خود پانی پیئے گا یا کسی دوسرے کو پلائے گا یا سونگھے گا تو انشاءاللہ مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

372 حسبِ منشاء کام ہونے کا عمل

کسی بھی کام کے شروع کرتے وقت ۴۱ (اکتالیس) مرتبہ 'یَا نَافِعُ' پڑھنے سے انشاءاللہ وہ کام حسب منشا ہوگا۔

373 خاص حاجت پوری ہونے کا عمل

کوئی خاص حاجت درپیش ہو تو گھر یا مسجد کے صحن میں تین مرتبہ سجدہ کر کے ہاتھ اُٹھائے اور ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ 'یَا وَهَّابُ' پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ حاجت پوری ہو جائے گی۔

374 دعاء قبول ہونے کا پہلا عمل

جو شخص روزانہ ۵۰۰ (پانچ سو) مرتبہ 'یَا حَافِظُ' پڑھا کرے، انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجتیں پوری ہوں گی اور مشکلات دور ہوں گی۔

375 دعاء قبول ہونے کا دوسرا عمل

جو شخص 'یَا مُجِیْبُ' کو بکثرت پڑھا کرے تو انشاء اللہ اس کی دعائیں بارگاہِ خداوندی میں قبول ہونے لگے گی۔

376 دعاء قبول ہونے کا تیسرا عمل

جو شخص جمعرات کے دن چاشت کی نماز کے بعد ۵۰۰ (پانچ سو) یا ۱۰۰ (ایک سو) یا ۵۰ (پچاس) مرتبہ 'یَا سَمِیْعُ' پڑھے گا تو انشاء اللہ اس کی دعائیں قبول ہوں گی۔

377 دعاء قبول ہونے کا چوتھا عمل

پیر کی رات کو غسل کر کے منہ آسمان کی طرف اُٹھا کر ۱۴۱ (ایک سو اکتالیس) مرتبہ 'یَا مُتَعَالِیُ' پڑھ کر جو دعاء مانگے گا وہ انشاء اللہ قبول ہوگی۔

378 ہر کام کی کامیابی کا پہلا عمل

کام کی ابتداء میں 'یَا مُتَکَبِّرُ' بکثرت پڑھنے سے انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

379 ہر کام کی کامیابی کا دوسرا عمل

- 'یَا حَلِیْمُ، یَا عَلِیْمُ، یَا عَلِیُّ، یَا عَظِیْمُ' کا ۱۵۱۰۰۰ (ایک لاکھ اکاون ہزار) مرتبہ ختم کرنے سے اسی ہفتہ میں انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔
- معمولی ضرورت کیلئے ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ پڑھ کر دعاء کرنا بھی کافی ہے۔

380 ہر کام کی کامیابی کا تیسرا عمل

جو شخص ۹ (نو) مرتبہ 'یَا اَحَدُ' پڑھ کر جس کام کے ارادہ سے جائے گا وہ کام انشاءاللہ آسانی سے ہو جائے گا۔

381 ہر کام کی کامیابی کا چوتھا عمل

جو شخص نصف رات کو کھڑا ہو کر ۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ 'یَا مُنْتَقِمُ' پڑھے تو جس جائز مراد کے لئے پڑھے گا وہ مراد انشاءاللہ پوری ہوگی۔

382 ہر کام کی کامیابی کا پانچواں عمل

جو شخص روزانہ عشاء کی نماز کے بعد 'یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ' ۱۲ (بارہ) دن تک ۱۲۰۰ (بارہ سو) مرتبہ جس کام یا مقصد کے لئے پڑھے گا انشاءاللہ وہ پورا عمل ختم ہونے سے پہلے حاصل ہو جائے گا۔ یہ عمل مجرب ہے۔

گم ہو جانا یا چوری ہو جانا

383 گم شدہ چیز کی واپسی کا پہلا عمل

'یَا رَقِیْبُ' کو بکثرت پڑھنے سے انشاءاللہ گم شدہ چیز حاصل ہو جائے گی۔

384 گم شدہ چیز یا آدمی کی واپسی کا دوسرا عمل

کاغذ کے چاروں کونوں پر 'اَلْحَقُّ' لکھ کر سویرے کاغذ کو ہتھیلی پر رکھ کر آسمان کی طرف بلند کر کے دعاء کرے، انشاء اللہ گم شدہ شخص یا سامان مل جائے گا اور انشاء اللہ نقصان سے محفوظ رہے گا.

385 گم شدہ آدمی کی واپسی کا تیسرا عمل

جب گھر کے سب آدمی سو جائیں تب گھر کے چاروں کونوں میں ۷۰ (ستر) مرتبہ 'یَا مُعِیْدُ' پڑھے تو انشاء اللہ گم شدہ آدمی واپس آجائے گا یا وہ کہاں ہے اس کا پتہ چل جائے گا.

386 گم شدہ چیز کی واپسی کا چوتھا عمل

اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو یہ دعاء پڑھے، انشاء اللہ وہ مل جائے گی.

'اَللّٰهُمَّ يَا جَامِعَ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ، اِجْمَعْ ضَالَّتِيْ'

387 گم شدہ چیز کی واپسی کا پانچواں عمل

'یَا مَالِكَ الْمُلْكِ' ۱۰۰۰۰ (دس ہزار) مرتبہ پڑھنے سے انشاء اللہ گم شدہ چیز واپس مل جائے گی یا قلب کو صبر و اطمینان ہو جائے گا.

388 گم شدہ چیز کی واپسی کا چھٹا عمل

عشاء کی نماز کے بعد ۷۰۰۰ (سات ہزار) مرتبہ 'یا مُعِیْدُ' پڑھنے سے انشاءاللہ گم شدہ سامان واپس مل جائے گا.

389 چور سے حفاظت کا عمل

رات کو سوتے وقت ۷۰۰۰ (سات ہزار) مرتبہ 'یَا رَقِیْبُ' پڑھ کر دم کرنے سے رات کو گھر میں چور نہیں آئے گا.

390 چوری شدہ مال کی واپسی کا عمل

ایک کاغذ کے چاروں کونوں میں 'یا حَقُّ' لکھ کر اس کے بیچ میں گم شدہ سامان کا نام لکھ کر نصف رات کو اس کاغذ کو ہتھیلی پر رکھ کر آسمان کی طرف ہاتھ اُٹھا کر مندرجہ ذیل دعاء کرنے سے انشاءاللہ چوری شدہ سامان مل جائے گا:

'الٰہی! حضرت سید المرسلین علیہ السلام کے طفیل میرا سامان مجھے مل جائے'.

391 چوری شدہ یا گم شدہ چیز واپس حاصل کرنے کا عمل

- پہلے ۲۱ (اکیس) مرتبہ یہ پڑھے:

'یَا جَامِعُ الْمُتَفَرِّقَا اِجْمَعْ لِیْ ضَالَّتِیْ یَا جَامِعُ'

- پھر ۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ صرف 'یَا جَامِعُ' پڑھے.

انشاءاللہ گم شدہ یا چوری شدہ چیز واپس حاصل ہو جائے گی.

سفر اور مُسافر

392 سفر میں حفاظت کا پہلا عمل

مسافر سفر میں 'یَا قُدُّوْسُ' بکثرت پڑھے. انشاء اللہ لاچار اور بے بس نہیں ہوگا اور صحیح اور سلامتی کے ساتھ منزل پر پہونچ جائے گا.

393 سفر میں حفاظت کا دوسرا عمل

مسافر جمعہ کے دن ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا اَوَّلُ' پڑھے، انشاء اللہ جلد بخیریت وطن واپس پہونچے گا.

394 سفر میں حفاظت کا تیسرا عمل

- مبارک نام 'اَللّٰہُ' کو بڑے حروف میں لکھے.
- اس کے بعد اس کے 'الف' حرف کو قینچی سے کاٹ کر جدا کرے.
- مسافر اپنے بازو پر یہ کٹا ہوا حرف باندھ لے.
- باقی نام 'اَللّٰہُ' اپنے گھر میں بال بچوں میں امانت رکھ جائے.

انشاء اللہ مسافر صحیح سلامت اپنے گھر واپس آئے گا.

395 سفر میں حفاظت کا چوتھا عمل

سفر میں جاتے وقت اپنے اہل وعیال کو ایک جگہ جمع کر کے ۷ (سات) مرتبہ 'یَا رَقِیْبُ' پڑھ کر سب پر دم کرے تو اللہ تعالیٰ سب کی حفاظت کرے گا. اور مسافر کے ساتھ تمام کو زندہ سلامتی کے ساتھ ملاقات کرائے گا.

396 سفر میں حفاظت کا پانچواں عمل

- اگر کشتی یا بڑے جہاز کے سفر میں ہوا کے طوفان کا اندیشہ ہو
- یا کسی مکان میں آگ لگنے کا اندیشہ ہو تو
- روزانہ ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا وَکِیْلُ' پڑھے۔

انشاء اللہ تمام آفتوں سے امن (حفاظت) ملے گا۔

397 سفر میں حفاظت کا چھٹا عمل

سفر میں جاتے وقت ۱۰۱ (ایک سو ایک) مرتبہ 'یَا آخِرُ' پڑھ کر اپنے کو اور اپنے اہل و عیال کو اللہ تعالیٰ کے حوالے کرے۔ انشاء اللہ بخیر گھر واپس آئے گا اور سب کو زندہ اور سلامت پائے گا۔

398 سفر میں حفاظت کا ساتواں عمل

ریل، کشتی یا بڑے جہاز وغیرہ میں سوار ہوتے وقت ۷ (سات) مرتبہ 'یَا بَرُّ' پڑھے تو تمام آفتوں سے سلامت رہے گا اور انشاء اللہ سلامتی کے ساتھ سواری سے اترے گا۔

399 سفر میں حفاظت کا آٹھواں عمل

رات کو ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا مُعِزُّ' پڑھ کر کسی جگہ سفر میں جائے تو کوئی تکلیف دہ بات سامنے نہیں آئے گی اور پورے سفر میں بہت ہی باوقار اور باعزت رہے گا۔ اور انشاء اللہ سلامتی کے ساتھ گھر واپس آئے گا۔

400 سفر میں سامان کی حفاظت کا پہلا عمل

سفر کے سامان پر تین جگہ 'یَا حَفِیْظُ' کے حروف الگ الگ لکھ دے۔ انشاء اللہ وہ سامان کبھی گم نہیں ہوگا اور صحیح سلامت منزل مقصود تک پہونچ جائیگا۔

401 سفر میں سامان کی حفاظت کا دوسرا عمل

اگر مسافر اپنے سامان پر ۱۰ (دس) مرتبہ 'یَا جَلِیْلُ' پڑھ کر دم کرے تو انشاء اللہ اس کا سامان چور کے ہاتھ سے محفوظ رہے گا۔

402 سفر کے ڈراونے پن سے حفاظت کا عمل

پانی کے خالی برتن میں مسافر ۷ (سات) مرتبہ 'یَا مُقِیْتُ' پڑھ کر دم کرے اور اس میں خود پانی پیئے یا کسی دوسرے کو پلائے یا اس پانی کو سونگھے تو سفر کے ڈراونے پن سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

403 سفر سے حفاظت کے ساتھ وطن واپسی کا عمل

مسافر روزانہ ۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ 'یَا عَلِیُّ' کا ورد رکھے گا تو اس سفر سے اپنے وطن انشاء اللہ صحیح سلامتی کے ساتھ واپس پہونچے گا۔

404 سفر میں تمام کام درست ہونے کا عمل

سفر میں جاتے وقت ۱۱ (گیارہ) مرتبہ 'یَا ھَادِیُ' پڑھنا بہت ہی نفع بخش ہے۔ انشاء اللہ تمام کام درست رہیں گے۔

405 دریائی سفر میں حفاظت کا پہلا عمل

دریائی سفر کا مسافر ۷ (سات) مرتبہ 'یَا حَفِیْظُ' لکھ کر اپنی دائیں بازو پر باندھے، انشاءاللہ وہ طوفان سے، غرق ہونے سے اور دیگر تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

406 دریائی سفر میں حفاظت کا دوسرا عمل

دریائی سفر میں مسافر 'یَا نَافِعُ' بکثرت پڑھتا رہے تو وہ غرق ہونے سے یا طوفان سے انشاءاللہ محفوظ رہے گا۔

باب ہشتم

رزق، تجارت، کاروبار، ملازمت، کورٹ اور مقدمہ

رزق

407 رزق میں برکت کا عمل

جو شخص ۱۳۳ (ایک سو تینتیس) مرتبہ 'یَا لَطِیْفُ' پڑھا کرے انشاءاللہ اس کے رزق میں برکت ہوگی اور اس کے سب کام بخوبی پورے ہوں گے۔

408 رزق حاصل کرنے کا عمل

روزانہ ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا اَللّٰہُ یا ھُوْ' کا ذکر کرنے والے کو اللہ تعالیٰ بالیقین رزق عطا فرمائے گا۔

409 رزق کے دروازے کُھلنے کا پہلا عمل

فجر کی نماز کے بعد ۳۰۰ (تین سو) مرتبہ 'یَا وَھَّابُ' پڑھے اور اول اور آخر میں ۱۱ (گیارہ) مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعاء کرے تو انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ رزق کے دروازے کھول دے گا۔

410 رزق کے دروازے کُھلنے کا دوسرا عمل

فجر کی نماز سے قبل اپنے مکان کے چاروں کونوں میں ۱۰ (دس) مرتبہ 'یَا رَزَّاقُ' پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ رزق کے دروازے کھول دینگے۔

411 رزق کے دروازے کُھلنے کا تیسرا عمل

۴۱ (اکتالیس) مرتبہ 'یَا شَکُوْرُ' پڑھنے سے انشاء اللہ رزق کے دروازے کھل جائیں گے اور معاشی تنگی و رنج و غم دور ہو جائے گا۔

412 رزق کے دروازے کُھلنے کا چوتھا عمل

'یَا وَکِیْلُ' بکثرت پڑھنے سے انشاء اللہ رزق اور بھلائی کے دروازے کھلیں گے۔

413 رزق کے دروازے کُھلنے کا پانچواں عمل

ہمیشہ روزانہ فجر کی نماز کے بعد ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا وَھَّابُ' پڑھنے سے قلیل مدت میں رزق کے دروازے انشاء اللہ کھل جائیں گے۔

414 رزق کی تنگی دور کرنے کا پہلا عمل

'یَا وَھَّابُ' کو کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھنے والے کو ان شاء اللہ رزق کی تنگی نہیں ہوگی۔

415 رزق کی تنگی دور کرنے کا دوسرا عمل

جو شخص معاشی تنگی سے لاچار ہو گیا ہو وہ شخص روزانہ متواتر ۴۰ (چالیس) دن تک ۵۰۰۰ (پانچ ہزار) مرتبہ 'یَا شَکُوْرُ' پڑھے تو ان شاء اللہ غیب سے ایسا غنی بن جائے گا کہ خود بھی حیرت انگیز ہوگا۔

416 رزق میں کشادگی کا عمل

رزق کی کشادگی کے لئے روزانہ عشاء کی نماز کے بعد ۵۰۰۰ (پانچ ہزار) مرتبہ 'یَا وَاسِعُ' پڑھتا رہے۔ یہ بہت ہی مجرب عمل ہے۔

417 رزق میں ترقی کا عمل

- بلا ناغہ روزانہ سورہ 'مزمل شریف' ۱۱ (گیارہ) مرتبہ پڑھے اور
- ۱۱۰۰ (ایک ہزار ایک سو) مرتبہ 'یَا مُغْنِیُ' پڑھے۔
- اول اور آخر میں درود شریف پڑھے۔

رزق میں ترقی کے لئے بہت ہی مجرب وظیفہ ہے۔

418 رزق کشادہ ہونے کا عمل

ہمیشہ جمعہ کی نماز کے بعد ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ 'یَا غَفَّارُ' پڑھنے والے کو ان شاء اللہ کشادہ رزق نصیب ہوگا۔

مُفلسی اور مُحتاجی دور ہونے کے لئے

419 ناداری اور فقر و فاقہ سے نجات کا پہلا عمل

جو شخص 'یَا وَہَّابُ' کو بکثرت پڑھے گا یا اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اُس کو ناداری اور فقر و فاقہ سے حیرت انگیز طریق پر ان شاء اللہ نجات ملے گی۔

420 ناداری اور فقر و فاقہ سے نجات کا دوسرا عمل

چاشت کی نماز کے آخری سجدہ میں ۴۰ (چالیس) مرتبہ 'یَا وَہَّابُ' پڑھنے سے ناداری اور فقر و فاقہ سے ان شاء اللہ نجات ملے گی۔

421 ناداری و فقر و فاقہ سے نجات کا تیسرا عمل

دو رکعت نفل نماز پڑھ کر اپنے مقصد و مطلب کو ذہن میں رکھ کر ۱۰۰ (ایک سو) مرتبہ 'یَا لَطِیْفُ' پڑھنے والا ان شاء اللہ فقر و فاقہ سے نجات پائے گا۔

422 مُفلسی اور بے کاری دور ہونے کا عمل

جو شخص مفلس اور بے کار ہو وہ ۲۱ (اکیس) دن تک روزانہ دو رکعت

تحیۃ الوضوء پڑھ کر ۳۰۰ (تین سو) مرتبہ 'یا لَطِیفُ' پڑھے تو انشاءاللہ اُس کی مفلسی اور بے کاری دور ہو جائے گی۔

423 مُحتاجی سے حفاظت کا پہلا عمل

جو شخص روزانہ فرض نماز کے بعد ۲۱ (اکیس) مرتبہ 'یا مُنعِمُ' پڑھے وہ انشاءاللہ کبھی محتاج اور مفلس نہیں ہوگا۔

424 مُحتاجی سے حفاظت کا دوسرا عمل

جو شخص متواتر ۱۰ (دس) جمعہ تک، جمعہ کے دن کی فجر کی نماز کے بعد ۷۰۰۰ (سات ہزار) مرتبہ 'یا مُغنِیُ' پڑھے، تو غیب سے اللہ تعالیٰ اُسے لوگوں کی محتاجی سے بچائے گا اور اپنے خزانے سے سکون دلائے گا۔

425 بھوک سے حفاظت کا عمل

جو شخص روزانہ ۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ روٹی کے چار لقموں پہ 'یا قَابِضُ' لکھ کر کھائے گا وہ انشاءاللہ بھوک سے محفوظ رہے گا۔

426 غریبی دور ہونے کا پہلا عمل

غریب شخص روزانہ ۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ 'یا عَلِیُّ' کا ورد رکھے تو وہ انشاءاللہ غنی ہو جائے گا۔

427 غریبی دور ہونے کا دوسرا عمل

اگر کوئی پہلے غنی تھا اور پھر غریب ہو گیا اور وہ یہ چاہے کہ اُس کی پہلے جیسی حالت دوبارہ ہو جائے تو ۲۱ (اکیس) دن تک 'یَا مُعِیْدُ' پڑھے۔ چند دنوں میں وہی پہلی حالت انشاء اللہ پھر قائم ہو جائے گی۔

تجارت، کاروبار

428 کاروبار میں ترقی کا پہلا عمل

روزانہ 'یَا رَشِیْدُ' کا وِرد رکھنے سے انشاء اللہ تمام مشکلات دور ہو جائیں گی اور کاروبار میں خوب ترقی ہوگی۔

429 کاروبار میں ترقی کا دوسرا عمل

فجر کی نماز کے بعد ۲۹۸ (دوسو اٹھانوے) مرتبہ 'یَا رَحْمٰنُ' پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کی خاص رحمت میں داخل ہوگا اور دنیا میں اُس کی کوئی مشکل نہیں رہیں گی۔ ہر کاروبار میں انشاء اللہ برکت حاصل ہوگی۔

430 تجارت میں برکت کا عمل

ہر نئی چیز یا مال خریدتے وقت پہلے ۴۱ (اکتالیس) مرتبہ 'یَا نَافِعُ' پڑھنے سے انشاء اللہ تجارت میں بہت برکت ہوگی۔

431 تجارت میں نقصان سے حفاظت کا عمل

روزانہ فجر کی نماز کے بعد ۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ 'یَا مُنْعِمُ' پڑھے تو انشاء اللہ تجارت میں کسی قسم کا نقصان نہیں ہوگا۔

432 تجارت میں نقصان سے حفاظت کا عمل

دُکان، آفس یا کارخانے کا قفل کھولنے سے قبل ۷۰ (ستر) مرتبہ 'یَاغَنِیُّ' پڑھے تو انشاءاللہ تجارت کے مال میں برکت ہوگی، کبھی نقصان نہیں ہوگا۔

433 تجارت میں ساجھی کی بُرائی سے بچنے کا عمل

تجارت کے ساجھی ہمیشہ روزانہ ۱۰۰۱ (ایک ہزار ایک) 'یَا مُؤْمِنُ' پڑھے تو پوری زندگی وہ ایک دوسروں کی برائی سے انشاءاللہ محفوظ رہیں گے۔

مُلازمت، عہدہ

434 چھوٹی ہوئی مُلازمت واپس حاصل کرنے کا عمل

جس شخص کی ملازمت چھوٹ گئی ہو اور وہ چاہے کہ اُس کو دوبارہ ملازمت مل جائے تو وہ شخص تین روزہ رکھے اور فجر کی نماز کے بعد ۱۰۰۰۰ (دس ہزار) مرتبہ 'یَا رَزَّاقُ' پڑھے اور اول و آخر میں یہ درود شریف پڑھے:

'اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ'

اُسی مہینہ، اُسی جگہ پر یا اُس سے بہتر جگہ پر انشاءاللہ ملازمت مل جائے گی۔

435 بُلند رتبہ اور خوشحالی حاصل کرنے کا پہلا عمل

جو شخص "یَا عَلِیُّ" کو ہمیشہ پڑھتا رہے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے، انشاء اللہ اُسے رتبہ کی بلندی، خوشحالی اور مقصد میں کامرانی نصیب ہوگی۔

436 چھوٹا ہوا عہدہ واپس حاصل کرنے کا عمل

جو شخص اپنے عہدہ سے معزول ہو گیا ہو وہ ۷ روزہ رکھ کر ے دن تک ۱۰۰۰ مرتبہ "یَا کَبِیْرُ" پڑھے تو انشاء اللہ وہ دوبارہ اپنے عہدہ پر بحال ہو جائے گا۔

437 مُلازم کو عہدہ میں عزت حاصل ہونے کا عمل

ملازم روزانہ اندھیرے میں ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ "یَا مَالِکُ یَا قُدُّوْسُ" دونوں ناموں کو ملا کر پڑھے تو جس عہدہ پر وہ ملازم ہے اُس میں انشاء اللہ عزت حاصل ہوگی۔ اُس کے اوپر کے افسران ہمیشہ اُس کی طرف رحم کی نظر سے دیکھیں گے۔

438 چھوٹا ہوا عہدہ واپس حاصل کرنے کا عمل

اگر کوئی ملازم عہدہ سے معزول ہو گیا ہو تو:

- ۷ (سات) دن تک روزانہ غسل کرے،
- اُس کے بعد دو رکعت نفل نماز ادا کرے،
- اُن دونوں رکعتوں میں 'الحمد شریف' اور سورۃ 'اخلاص' ایک مرتبہ پڑھے،
- پھر تین دن روزانہ کھڑے ہو کر ۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ 'یَا عَزِیْزُ' پڑھے.
- چوتھے دن بیٹھ کر ۵۰۰۰ (پانچ ہزار) مرتبہ 'یَا عَزِیْزُ' پڑھے.
- پانچویں، چھٹے، ساتویں دن سجدہ میں جا کر ۳۰۰ مرتبہ 'یَا عَزِیْزُ' پڑھے.
- اُس کے بعد دعاء کرے.

انشاء اللہ وہی عہدہ واپس مل جائے گا یا اُس سے بہتر انتظام غیب سے ہو جائے گا.

439 مالک کی نگاہ میں بُلند مقام حاصل کرنے کا عمل

ملازم 'یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ' کو ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ روزانہ پڑھے تو انشاء اللہ ۲۱ دن میں مالک کی نگاہ میں بلند مقام حاصل کر لے گا.

440 غریب آدمی کا ھدیہ امیر کو پسند آنے کے لئے عمل

غریب آدمی کسی امیر کو ہدیہ دینے سے پہلے ہدیہ کی چیز پر ۷۰ مرتبہ 'یَا حَمِیْدُ' پڑھ کر دم کرے. انشاء اللہ وہ ہدیہ بہت ہی مقبول اور پسند آئے گا.

441 مالک کی ناراضگی دور کرنے کا عمل

اگر کوئی مالک ملازم سے ناراض رہتا ہو تو وہ ملازم صبح اور شام ۲۱ (اکیس) مرتبہ 'یَا مَانِعُ' پڑھ کر مالک کی طرف آگے سے یا پیچھے سے دم کرے۔ انشاءاللہ چند ہی دنوں میں ناراضگی دور ہو جائے گی۔

442 مالک کا غصہ دور کرنے کا عمل

اگر کسی ملازم پر اُس کا مالک غصہ کرتا ہو تو نصف رات کو یا دوپہر کو ۱۱۰۱ (ایک ہزار ایک سو ایک) مرتبہ 'یَا صَبُوْرُ' پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعاء کرے، انشاءاللہ ایک ہی ہفتہ میں مالک کا غصہ دور ہو جائے گا۔

443 مالک کی بدمزاجی کی اصلاح کا عمل

کسی ملازم کا مالک بدمزاج ہو تو وہ ملازم 'یَا وَلِیُّ' پڑھتے پڑھتے مالک کے پاس جائے تو انشاءاللہ وہ مہربانی کا معاملہ کرے گا۔

444 مالک کا ڈر دل سے دور کرنے کا عمل

جو ملازم مالک کی باز پُرس سے بہت ڈرتا ہو وہ رات کو عشاء کی نماز کے بعد ۳۰۰۰ مرتبہ 'یَا حَسِیْبُ' پڑھے اور تصور کرے کہ میرا مالک اللہ تعالیٰ کے دربار میں حساب دینے میں مصروف ہے اور مجھے بھول گیا ہے۔ یہ عمل تین دن متواتر کرے۔ انشاءاللہ بہت ہی آسانی سے مالک کا ڈر دل سے نکل جائے گا۔

445 بڑے عہدہ پر قائم رہنے کا عمل

جو حاکم ہمیشہ ۵۰۰۰ (پانچ ہزار) مرتبہ 'یَا کَبِیْرُ' پڑھے گا وہ اپنے

عہدہ پر باعزت و باوقار قائم رہے گا۔ اگر اُس پر کوئی بڑی ذمہ داری آجائے گی تو اُس میں انشاءاللہ صحیح وسلامت کامیاب ہوگا۔

446 حاکم کی حکومت قائم رہنے کا عمل

جو حاکم روزانہ اندھیرے میں ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ یہ دونوں نام 'یَا مَالِکُ یَا قُدُّوْسُ' ملا کر پڑھے، اُس کی حکومت انشاءاللہ قائم رہے گی۔

447 رعایا کی تابعداری کے لئے حاکم کو کرنے کا عمل

اگر حاکم 'یَا مُؤْمِنُ' کو بکثرت پڑھے گا تو انشاءاللہ اُس کی رعایا تابعدار بن جائیں گی۔

448 عملدار اور حکماء بات سنے اُس کا عمل

جو شخص ہمیشہ ۳۰۰۰ مرتبہ 'یَا مَلِکُ' پڑھے تو عملدار اور حکماء اُس کی بات انشاءاللہ توجہ سے سُنیں گے۔ ظالم اُس کے سامنے سختی سے نہیں بول سکے گا۔

عدالت اور مقدمہ

449 مُقدمہ جیتنے کے لئے پہلا عمل

- ناحق مقدمہ میں پھنسا آدمی مقدمہ کی عین پیشی کے وقت یا مقدمہ دائر کرنے والے کے ساتھ گفتگو کے وقت ۷۰ (ستر) مرتبہ 'اَللّٰہُ، اَللّٰہُ' کہے۔
- دل میں تصور کرے کہ تمام مجلس غائب ہوگئی ہے اور اب اللہ تعالیٰ کی ذات

اس مقدمہ کا فیصلہ کرے گی۔

انشاءاللہ مقدمہ کا فیصلہ اُس کے حق میں ہوگا، دشمن شکست کھائے گا۔

450 مُقدمه جیتنے کے لئے دوسرا عمل

ناحق مقدمہ اور دشمن کے ڈر کی وجہ سے پریشان آدمی ۲۱۰۰۰ (اکیس ہزار) مرتبہ 'یَا مَالِکَ الْمُلْکِ' کا ختم تین دن متواتر مندرجہ ذیل طریقہ سے کرے:

- تین شخص باوضوء قبلہ رخ بیٹھ کر ۷۰۰۰ (سات ہزار) مرتبہ 'یَا مَالِکَ الْمُلْکِ' پڑھے۔
- اول اور آخر ۷ (سات) مرتبہ یہ درود شریف پڑھے:

'اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِى الْقُبُوْرِ،
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَجْسَادِ،
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَرْوَاحِ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ'

- وہ تینوں اشخاص وظیفہ ختم کر کے یہ دعاء مانگے:

''الٰہی! آج فلاں مقدمہ کی فریاد اور اپیل تیری سرکار میں ہم نے دائر کی ہے۔ اگر تو بھی شکست دے گا تو یہ بندہ کہاں جائے گا؟

'لَا مَلْجَاً وَلَا مَنْجَاً مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْكَ'

تیری سزا سے بچنا اور تیری مصیبت کی پناہ تیرے ہی پاس ہے۔''

انشاءاللہ مقدمہ میں جیت ہوگی اور دشمن کی شکست ہوگی۔

451 مُقدمہ جیتنے کے لئے تیسرا عمل

مشکل مقدمہ میں جیتنے کے لئے 'یَا حَلِیْمُ، یَا عَلِیْمُ، یَا عَلِیُّ، یَا عَظِیْمُ' پڑھنا بہت ہی مجرب ہے۔

452 مُقدمہ میں صُلح کے لئے عمل

اگر کوئی شخص کسی مقدمہ میں صلح کرنا چاہتا ہو اور سامنے والے مانتے نہ ہو تو ظہر کی نماز کے بعد ۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ 'یَا غَفَّارُ' پڑھے اور پھر دعاء کرے۔ انشاء اللہ دشمن خود ہی صلح کے لئے درخواست کریں گے۔

453 مُقدمہ کا فیصلہ منصفانہ ہونے کا عمل

- ۱۰۱ (ایک سو ایک) مرتبہ 'سُبْحَانَ الْمَالِکُ الْحَقِّ الْمُبِیْنِ' پڑھے۔
- اس کے بعد ۷۰۰۰ (سات ہزار) مرتبہ 'یَا حَقُّ' پڑھے۔

انشاء اللہ مقدمہ کا فیصلہ برحق اور منصفانہ ہوگا۔

454 مُقدمہ کی اپیل میں جیتنے کا عمل

'یَا مَالِکُ الْمُلْکِ' کا ختم مندرجہ ذیل طریقہ سے کرے:

- روزانہ غسل کر کے احرام کی طرح چادر باندھے۔
- ۴۰۰ گرام جو کے آٹے کی ایک روٹی پکائے۔
- ۲۴ (چوبیس) گھنٹہ میں وہ روٹی کھائے۔
- رات اور دن میں ۴۱۰۰۰ (اکتالیس ہزار) مرتبہ:

'یَا مَالِکَ الْمُلْکِ' پڑھے۔

- وظیفہ کے اول و آخر میں 'بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ' ۱۰۰ مرتبہ پڑھے۔
- ۷ (سات) دن تک متواتر یہ عمل کرے۔

انشاءاللہ مقدمہ کی اپیل میں جیت ہوگی۔

تنبیہ: یہ نام بہت جلالی ہے۔ پڑھنے کے دوران کوئی بدپرہیزی نہ ہونی چاہیئے۔ ورنہ نفع کی جگہ نقصان ہوگا۔

455 ناحق قید یا مقدمہ سے رہائی کا عمل

اگر کوئی شخص قید میں یا مقدمہ میں ناحق پھنس گیا ہو تو اُس کے رشتہ دار رات اور دن متواتر ۲۱۰۰۰ (اکیس ہزار) مرتبہ 'یَا فَتَّاحُ' پڑھے۔ انشاءاللہ جلد اُس کی رہائی ہوگی۔

456 جھوٹے فوجداری مُقدمہ سے رہائی کا عمل

اگر کوئی شخص جھوٹے فوجداری مقدمہ میں پھنس گیا ہو تو ۳ (تین) دن تک رات کو بارہ بجے اور دن کو بارہ بجے ۵۰۰۰ (پانچ ہزار) مرتبہ 'یَا مُنْتَقِمُ' پڑھے تو انشاء اللہ بہت جلد دشمن برباد ہوجائے گا اور یہ مبارک نام پڑھنے والا جلد رہائی حاصل کرے گا۔

457 قید اور بند سے حفاظت کا عمل

جو شخص ۸۹ (نواسی) مرتبہ 'یَا مُحْیِیُ' پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے، وہ ہر طرح کی قید و بند سے انشاءاللہ محفوظ رہے گا.

458 حاکم سے انصاف حاصل کرنے کا عمل

اگر کسی مقدمہ میں حاکم سے ناانصافی کا اندیشہ ہو تو مقدمہ کی سُنائی کے دوران روزانہ ۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ 'یَا عَدْلُ' پڑھے اور حاکم کی طرف دھیان کرکے دم کرے تو انشاءاللہ انصاف ہوگا۔ ناانصافی نہیں ہوگی.

459 مُقدمہ میں گواہ جھوٹی گواہی نہ دے اُس کا عمل

اگر کسی کے مقدمہ کی سُنائی جاری ہو اور کسی گواہ سے جھوٹی گواہی کا اندیشہ ہو تو ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا جَلِیْلُ' پڑھ کر اُس گواہ کی طرف دم کرے تو انشاءاللہ وہ گواہ عدالت میں جھوٹی گواہی نہیں دے گا.

460 بدمزاج حاکم کے سامنے حاضری کا عمل

اگر کسی بدمزاج حاکم کے سامنے جانا ہو تو ۷ (سات) مرتبہ 'یَا بَاعِثُ' پڑھ کر اپنے بدن دم کرکے اُس کے سامنے جائے. انشاءاللہ حاکم بہت ہی مہربانی کا معاملہ کرے گا.

461 حاکم کے سامنے حاضری کے وقت عزت حاصل کرنے کا پہلا عمل

جو کوئی شخص کسی بڑے آدمی کے سامنے جانے سے ڈرتا ہو تو تین دن تک روزانہ ۳۰۰۰ (تین ہزار) مرتبہ 'یَا رَافِعُ' پڑھے اور پھر بھی 'رَافِعُ' پڑھتا پڑھتا حاکم کے سامنے جائے گا تو انشاءاللہ ہر طرح عزت حاصل کرے گا۔ حاکم بہت ہی نرمی کا معاملہ کرے گا۔

462 حاکم کے سامنے حاضری کے وقت عزت حاصل کرنے کا دوسرا عمل

اگر کوئی شخص انگوٹھی میں 'یَا جَلِیلُ' کندہ کر کے اپنے پاس رکھ کر حاکم یا بڑے شخص کے سامنے جائے تو انشاءاللہ عزت ملے گی۔ ہر حاکم کی نظر اُس کے سامنے پست رہے گی۔

463 مظلوم کی سفارش حاکم سنے اُسکا عمل

اگر کوئی حاکم یا ظالم کسی مظلوم کی سفارش سنتا نہ ہو تو ۱۱۰ (ایک سو دس) مرتبہ 'یَا رَؤُوفُ' پڑھ کر دعاء کرے تو انشاءاللہ وہ ظالم اس مظلوم کی سفارش قبول کرے گا۔

464 حاکم کا غصہ دور کرنے کا عمل

اگر کسی شخص سے اُس کا حاکم غصہ کرتا ہو تو نصف رات کو یا دوپہر کو ۱۱۰۱ (ایک ہزار ایک سو ایک) مرتبہ 'یَا صَبُورُ' پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعاء کرے۔ انشاءاللہ ۷ (سات) دن تک متواتر یہ عمل کرنے سے اُس کا غصہ دور ہو جائے گا۔

465 خط یا درخواست کا اچھا جواب آنے کے لئے عمل

اگر کسی کے خط کا جواب یا درخواست کا حکم نہ آتا ہو تو روزانہ فجر کی نماز کے بعد تین دن تک ۱۰۰۰ (ایک ہزار) مرتبہ 'یَا مُجِیْبُ' پڑھ کر تصور کرے کہ میرے خط کا جواب اور میری درخواست پر حکم تحریر ہو کر آسمان سے زمین پر اُتر آیا ہے۔ انشاءاللہ چند دنوں میں خط یا درخواست کا اچھا جواب آئے گا۔

466 فیصلہ حق پر دینے کے لئے صاحبِ فیصلہ کو کرنے کا عمل

حاکم، قاضی، مفتی، قوم کا سردار، چودھری، سرپنچ یا پٹیل فیصلہ دیتے وقت اگرے (سات) مرتبہ 'یَا ھَادِیُ' پڑھے اور پھر فیصلہ دے تو انشاءاللہ حق پر قائم رہے گا۔

اسماء الحسنٰی کے وسیلہ سے دعاء

مجھ کو یَا اَللّٰہُ اپنا عشق دے، ہو محبت صرف تیرے واسطے.
مستحق تو ہی عبادت کا ہوا، ہے تو ہی معبود ساری خلق کا.
بخش یَا رَحْمٰنُ میں ہوں خوار تر، یَا رَحِیْمُ مہربانی مجھ پہ کر.
تو ہی یَا مَالِكُ شہِ ہر دو سرا، مجھ کو جنت دے جہنم سے بچا.
مجھ کو یَا قُدُّوْسُ کر عیبوں سے پاک، تو نہایت پاک میں ایک مشت خاک.
یَا سَلَامُ دینوں ایماں کو میرے، رکھ سلامت اپنے فضل و لطف سے
امن دے یَا مُؤْمِنُ مجھ کو سدا، یَا مُهَيْمِنُ تو نگہباں ہے میرا.
یَا عَزِيْزُ میرے غالب ہووے ست، کام یَا جَبَّارُ میرے کر درست.
تو ہے یَا مُتَكَبِّرُ سب سے بڑا، مجھ کو مغروروں کی صحبت سے بچا.
بے تیرے یَا خَالِقُ ہے کون سا، جس نے سب خلقت کا اندازہ کیا.
کن سے سب یَا بَارِئُ پیدا کیا، یَا مُصَوِّرُ سورتِ عشرت بنا.
بخش یَا غَفَّارُ عصیاں سر بسر، نفس پر غالب تو یَا قَهَّارُ کر.
بے عوض تو رزق یَا وَهَّابُ دے، رزق یَا رَزَّاقُ دے ہر قسم کے.
کھول یَا فَتَّاحُ تو روزی کے در، یَا عَلِيْمُ خوار ہوں تو لے خبر.
تنگ کر یَا قَابِضُ رزقِ پلید، رزق کر یَا بَاسِطُ رزق مزید.

پست ہو یَا خَافِضُ دشمن میرے، دے مجھے یَا رَافِعُ رتبے بڑے۔

یَا مُعِزُّ مجھ کو کر عزت عطا، یَا مُذِلُّ مجھ کو ذلت سے بچا۔

یَا سَمِیۡعُ سن میری فریاد کو، یَا بَصِیۡرُ دیکھ مجھ ناشاد کو۔

یَا حَکَمُ حکم پر اپنے چلا، ڈر ہے یَا عَدۡلُ تیرے انصاف کا۔

یَا لَطِیۡفُ مجھ پہ اپنا لطف کر، یَا خَبِیۡرُ دل کو کر دے باخبر۔

یَا حَلِیۡمُ بردباری کر عطا، یَا عَظِیۡمُ ہے تو ہی سب سے بڑا۔

یَا غَفُوۡرُ بخش دے میرے گناہ، یَا شَکُوۡرُ شکر رکھ مدِنگاہ۔

یَا عَلِیُّ ہے، بڑا رتبہ تیرا، یَا کَبِیۡرُ تو بڑا ہے تو بڑا۔

یَا حَفِیۡظُ آفتوں سے رکھ نگاہ، یَا مُقِیۡتُ تن میں دے قوت کو راہ۔

یَا حَسِیۡبُ سہل ہو مجھ پر حساب، یَا جَلِیۡلُ تو بڑا عالی جناب۔

یَا کَرِیۡمُ تو غنی محتاج سب، یَا رَقِیۡبُ تو نگہباں روز و شب۔

یَا مُجِیۡبُ کر دعا میری قبول، دین و دنیا میں نہ کر مجھ کو ملول۔

علم کر یَا وَاسِعُ مجھ پر فراخ، بعد مرنے قبر کر میری فراخ۔

یَا حَکِیۡمُ تو ہے دانائے عمل، یَا وَدُوۡدُ تو محبّ بے بدل۔

یَا مَجِیۡدُ ذات میں تو ہے بڑا، قبر سے یَا بَاعِثُ مومن اُٹھا۔

یَا شَهِیۡدُ حاضروں آگاہ کل، تو ہی ہے یا حق شہنشاہ کل۔

یَا وَکِیْلُ کارساز بے کساں، یَاقَوِیُّ طاقت بے طاقتاں.

یَا مَتِیْنُ دین پر رکھ اُستوار، یَا وَلِیُّ کر مددِ لیل ونہار.

یَا حَمِیْدُ حمد ہے تجھ کو سدا، تو ہے یَا مُحْصِی محیطِ ماسوا.

پہلے بھی یَا مُبْدِئُ پیدا کیا، یَا مُعِیْدُ تو ہی پھر مرجع ہوا.

زندہ یَا مُحْیِیْ ہوں جب تک شاد رکھ، جب مروں تب یَا مُمِیْتُ یاد رکھ.

تو ہی یَا حَیُّ ہے زندہ تا ابد، تو ہی یَا قَیُّوْمُ قائم لا ولد.

رکھ غنی مجھ کو سدا یَا وَاجِدُ، سب بڑائی تجھ کو ہے یَا مَاجِدُ.

ہے تو ہی یَا وَاحِدُ عالی صفات، تو ہی یَا اَحَدُ ہے یکتا پاک ذات.

یَا صَمَدُ ہے سب کو تیری جستجو، سب تیرے محتاج، بے پروا ہے تو.

گردشِ گردوں سے تنگ آیا ہوں میں، تیرے در پر التجا لایا ہوں میں.

نفس پر یَا قَادِرُ قادر رہوں، یوں جیوں یَا مُقْتَدِرُ جب تک جیوں.

یَا مُقَدِّمُ ہو وے اگلوں میں گذر، یَا مُؤَخِّرُ پیچھے والوں میں نہ کر.

تو ہی بس یَا اَوَّلُ اول میں تھا، پھر تو ہی یَا اٰخِرُ ہوگا سدا.

اُس پر تو یَا ظَاهِرُ ظاہر ہوا، صنعتوں پر جو کوئی ظاہر ہوا.

وہم سے یَا بَاطِنُ تو ہے نہاں، تجھ کو پاوے وہم یہ طاقت کہاں.

تیرا یَا مُتَعَالُ ہے رتبہ بلند، ہوں تیرے احسان میں یَا بَرُّ بند.

میری یَا تَوَّابُ کر توبہ قبول، رحم کر یَا مُنْتَقِمُ بدیوں کو بھول.

یَا عَفُوُّ کر گناہ سے درگذر، یَا رَؤُوْفُ مہربانی کر نظر.

مَالِكُ الْمُلْكِ ہے بس تیرا ہی نام، دے مجھے ملک قناعت میں مقام.

ذُوالْجَلَالِ تو ہی وَالْاِکْرَامُ ہے، مجھے بخشا کیا بڑا سا کام ہے.

عدل سے یَا مُقْسِطُ ڈرتا ہوں میں، فضل کی امید بس کرتا ہوں میں.

جمع کر یَا جَامِعُ دل کو میرے، یَا غَنِيُّ کر دے بے پروا مجھے.

مجھ کو یَا مُغْنِيُ تو بے پروا بنا، ہو نہ کچھ یَا مَانِعُ نقصاں میرا.

جو ضرر یَا ضَارُّ ہو دور رکھ، نفع سے یَا نَافِعُ مسرور رکھ.

دل کو یَا نُوْرُ میرے روشن بنا، راہ یَا هَادِیُ مجھے سیدھی دکھا.

یَا بَدِیْعُ تو ہے بڑا صاحب کمال، کر دیا عالم کو پیدا بے مثال.

تو ہی یَا بَاقِیُ رہے باقی سدا، تو ہی یَا وَارِثُ وارث میرا.

یَا رَشِیْدُ راہ نیکی کی دکھا، نار دوزخ سے اس عاصی کو بچا.

تو ہی یَا وَالِیُ ہے سب پر حکمراں، سب جہاں محکوم تیرا بے گماں.

یَا صَبُوْرُ صبر کی توفیق دے، کر مجلا مجھ کو اپنے خُلق سے.

ہو چکے ننیانوے نام اے اخی، یَا بَرُّ کی طرح ہیں چند اور بھی.

یَا اِلٰهِیْ بَحْرِ خَتْمِ الْمُرْسَلِیْنَ،
مؤمنوں کو کر عطا خُلد بریں.

حضرت مولانا شاہ محمد ہدایت علی صاحب جیپوری، نقشبندی، مجددی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور اور مقبول اردو کتابیں

معیار السلوک

- ولایت کیا ہے؟ اس کا ثبوت کیا ہے؟
- ولایت کے مختلف درجات کیا ہے؟
- ان کو حاصل کرنے کے طریقے کیا ہے؟
- پیری مریدی کیا ہے؟ اس کے آداب کیا ہے؟
- صحیح اور غلط پیر کی پہچان کیا ہے؟

یہ ساری باتیں آسان زبان اور طریقہ سے اس کتاب میں سمجھائی گئی ہے.

احسن التقویم

- فرشتے دکھتے کیوں نہیں؟ ان کی باتیں سنائی کیوں نہیں دیتی؟
- حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی وقت میں ہزاروں قبروں میں حاضر کیسے رہ سکتے ہیں؟
- جلائے ہوئے مردوں کو فرشتے سوال کیسے پوچھتے ہیں؟
- مردوں کو زندہ کرنے سے بھی بڑی کرامت کون سی ہے؟
- اولیاء اور جوگیوں میں کیا فرق ہے؟

ان تمام سوالوں کے جواب اس کتاب میں پڑھیے.

دُرِّ لاثانی

- حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کے مکتوبات شریف (خطوط) کا یہ خلاصہ ہے.
- اس کی تین جلدیں ہیں جن میں ۵۳۶ مکتوبات شریف ہیں.
- علم تصوف اور طریقت اور معرفت کا یہ قیمتی خزانہ ہیں.

فتوح الحرمین

- حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ہم سے دور کیوں ہیں؟
- کعبہ شریف کی طرف سجدہ کیوں ہے؟
- خواب، کشف اور بیداری میں زیارت میں کیا فرق ہے؟
- انبیاء علیھم السلام کی خبریں سچی کیوں ہیں؟
- حاجی کو حج میں کون سی باتوں کا لحاظ رکھنا ضروری ہے؟

یہ کتاب حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے حج کے سفر کی آپ بیتی ہے. اس میں اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نوازشات کے دلچسپ واقعات بھی ہیں اور مندرجۂ بالا سوالوں کے عام فہم جوابات بھی ہیں.

یہ کتابیں ملنے کے پتے

(1) AL-HIDAYAH ISLAMIC RESEARCH CENTER

Khejre ka Rasta, Near Indira Bazar, **Jaipur**- 302 001
Phone : 0141 - 2319935, 2312386

(2) BILAL AHMED AMLA, RAHIMI Mo. 94082 64174

Near Ghumbadwali Masjid, Haripura, **Surat**.